یہ واقعہ مراقبہ و مشاہدہ میں بھی ہو سکتا ہے اور نیند کی حالت میں بھی اور بیماری کی حالت میں بھی ایسا واقعہ ہونے کے بعد انسان آسانی سے کوئی گناہ نہ کر سکے گا۔ عشاء کی نماز کے بعد تخلیہ میں جا کر اللہ کے دھیان میں مگن ہو جائے پہلے خوف سا معلوم ہوگا؛ اس کے بعد بولنے کی قوت سلب ہو جائے گی، ہاتھ پیر کی قوت بند ہو جائے گی، اٹھ کر کہیں آ جا نہیں سکیں گے، زور سے چلائیں گے مگر اس کے چلانے کی آواز کو کوئی نہیں سن سکیں گے اور اس وقت دنیا کے اندر کسی جگہ بھاگ نہیں سکتا، اس وقت ان کے پاس کچھ آدمی آئیں گے، دیکھنے میں کمزور اور کالے معلوم ہوں گے مگر وہ حقیقت میں بہت طاقتور ہوں گے اور وہ لوگ پیر کی طرف کھڑے رہیں گے لیکن ان لوگوں کے پیر زمین میں نہیں ٹکے ہوں گے بلکہ زمین کے اوپر ان کو لے جایا جائے گا؛ وہ جانا بھی نہیں چاہے گا حتی کہ ڈر کے مارے زور سے چلائے گا لیکن کچھ سنائی نہیں دے گا اور کوئی مدد کیلئے بھی نہیں آئے گا سناٹا ہو جائے گا وہ لوگ آپس میں کچھ مشورہ کریں گے دونوں پیر کی بڑی انگلی ٹھنڈی معلوم ہوگی اور نیچے سن ہوتا رہے گا اور

ٹھنڈا پڑتا رہے گا اس وقت اتنی تکلیف ہوگی کہ اس کو بیان نہیں کر سکتے مگر اس وقت ان کی آواز ایسی معلوم ہوگی کہ آسمان گر پڑے، برداشت سے باہر ہوگا، کوئی بھی بات کرے تو کو اس کی آواز بجلی کی سی ہوگی، اس کے بارے میں کیا بتائیں ہم ایسی مصیبت میں ہوں گے کہ خدا کسی کو نہ دے اور ایسا معلوم ہوگا کہ جسم کا چمڑا باہر نکل رہے گا اسی سے سمجھ لو کہ کیا گزرے گی؟ اس وقت پیر کی ٹھنڈک بڑھتے بڑھتے سینے تک پہنچ جائے گی وہ لوگ اس کو قبضے میں کر لیں گے پھر اپنے ساتھ لے جائیں گے اور اس کی سمجھ میں آ جائے گا کہ اپنا جسم چھوڑ کر جا رہا ہوں اسی کا نام موت ہے اگر کسی کو حیات دے تو پھر وہ اس کو ساتھ لے آئے گا پھر لوگ پیر کی طرف کھڑے ہو جائیں گے پھر اپنے پیر کا بڑا انگوٹھا ٹھنڈا اور سن ہو گیا تھا وہیں سے پھر گرم ہونا شروع ہو جائے گا اور سینے تک گرم ہوگا پھر اس کی آنکھ کھل جائے گی۔

نوٹ: وہ لوگ لے جانے کے بعد بڑی مصیبت اور تکلیف و پریشانی میں رکھیں گے یہ تمام باتیں لکھنا نہیں چاہئے، اگر کسی عامل کے ساتھ ایسا واقعہ پیش آوے تو کسی عالم اور حقانی پیر سے بیان کرے اور انہیں کے مشورے پر عمل کرے۔

تعویذ کی وضاحت

اس کتاب کے اندر میں نے ستاروں کا حساب اور نقش بھرنے کا طریقہ جو ابجد، ہوز، حطی کے لحاظ سے ہے نہیں لکھا ہے کیونکہ یہ سب ضروری نہیں، بعض کتابوں میں بڑی وضاحت کے ساتھ لکھ دیا ہے لیکن ان تمام چیزوں کو میں نے تحقیق کر کے

دیکھا تو کوئی خاص بات نہیں ملی، میں نے ستاروں کے حساب سے تعویذ لکھا اور بغیر ستاروں کے حساب سے لکھا تاکہ فائدہ برابر ہو، کوئی فرق محسوس نہ ہو، لیکن نقش بھرنے کا طریقہ ضرور سیکھنا چاہئے، میں نے اس طریقے کو اس واسطے نہیں لکھا ہے کہ میں نے اس کتاب کو بہت اختصار کے ساتھ لکھا ہے، اس کتاب میں میں نے جو عملیات لکھے ہیں اس کو عمل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے اور جو اس کتاب کے اندر دعائیں ہیں اور نقش ہیں جس کو بھی ضرورت ہو لکھ سکتا ہے اس کے لئے کسی بھی عمل کی ضرورت نہیں ہے، خدا کے فضل سے فائدہ برابر ہوگا لیکن تعویذ لکھنے والوں کو ان شرطوں کا پابند ہونا ضروری ہے،

شرطیں یہ ہیں :(۱) نماز کا پابند ہونا (۲) سچ بولنا (۳) حلال کمائی سے کھانا (۴) کسی بزرگ سے بیعت ہونا۔

نوٹ: آخری شرط میں نے اس واسطے لکھ دی ہے کہ جو کچھ حاصل ہوا ہے وہ سب بزرگوں کی خدمت سے ہی حاصل ہوا ہے۔

عامل کو محفوظ رہنے کا طریقہ

اگر کوئی شخص جنات کے مریض کے علاج کرنے کے لئے جائے تو اس کے واسطے یہ ضروری ہے کہ پہلے اپنے آپ کو مضبوط بنائے؛ اگر مضبوطی میں کمی ہوئی تو بعض مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ عامل کو اپنی جان بچانی مشکل ہوجاتی ہے کیونکہ عامل اگر ذرا کمزور ہوتا ہے تو جنات اس کو بہت بے وقوف بناتے ہیں اور ہر طرح سے بے عزتی

کرتے ہیں اور بعض مواقع پر دیکھا گیا ہے کہ عامل بہت نقصان اٹھاتے ہیں حتی کہ مریض کو چھوڑ کر اپنی جان پر آفت آتی ہے، کسی عامل کی اولاد کو نقصان پہنچ جاتا ہے، بعض عاملوں کا خود دماغ خراب ہوجاتا ہے جو کہ بعد میں صحیح ہونا بہت مشکل ہوجاتا ہے اور ان کی زندگی برباد ہوجاتی ہے، اس لئے عاملوں کو پہلے خود مضبوط ہونا بہت ضروری ہوتا ہے، اس لئے میں عمل کرنے کے چند طریقے بتلاتا ہوں جو بھی اس قانون کے مطابق عمل کرے گا انشاء اللہ اس کو کسی قسم کا کوئی خطرہ نہیں ہوگا جو ان نسخوں پر عمل کرتا رہے گا وہ کبھی نقصان نہیں اٹھائے گا، ہر طریقہ کا عمل انشاء اللہ آگے آئے گا؛ اس وقت اور یہاں پر میں مریض (مریض سے مراد جنات کا مریض) کے پاس جانے کا طریقہ بتلا رہا ہوں، عامل کو چاہئے کہ جب کسی مریض کے پاس جانے کا ارادہ کرے تو سب سے پہلے سرسوں کا تیل اور پانی لے اس پر یہ پڑھ کر دم کرے بسم اللہ سمیت آیۃ الکرسی تین بار، چاروں قل تین تین مرتبہ، اس کے بعد سورۂ کوثر سات مرتبہ، دعاء چہل کاف سات مرتبہ، یہ اس پانی اور تیل پر پڑھ کر دم کرے۔

دعاء چہل کاف یہ ہے

كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً كِفْكَافُهَا كَكَمِيْنَ كَانَ مِنْ كَلِكَ تَكُرُّ كَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّ فِيْ كَبِدِيْ تَحْكِيْ مُشَكْشَكَةً كَلُكْلُكٍ كَلِكَ كَفَاكَ مَابِيْ كَفَاكَ الْكَفَا كُرْبَتَهُ يَاكَوْكَبًا كَانَ تَحْكِيْ كَوْكَبَ الْفَلَكِ.

مذکورہ بالا طریقہ پر پانی اور تیل دم کر کے عامل اپنی ناک کان چہرے پر
لگائے پھر مریض کے پاس جائے ، چاہئے کہ یہی تیل اور پانی عامل کو مریض کے
پاس لیتا جائے اور اسی نسخہ سے علاج کر دے کیونکہ بعض مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ مریض
کی حالت زیادہ ابتر ہوتی ہے تو اس وقت جب تک تیل اور پانی پڑھے گا مریض اور
بھی پریشان ہوگا اس لئے تیل اور پانی اپنے ساتھ لے جانا زیادہ بہتر ہے۔واللہ
أعلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم کا عمل

کوئی شخص اگر بسم اللہ کا عمل کرنا چاہے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز عشاء
روزانہ گیارہ دن تک سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ پڑھے چالیس (۴۰) دن کرنا
سب سے بہتر ہے، بسم اللہ کے عمل کے بعد بہت سی خاصیتیں ہیں کہ اگر کوئی بیان کرنا
چاہے تو اس کے واسطے کافی وقت چاہئے ، میں یہاں پر اختصار کے طریقہ
پر چند خاصیتیں بیان کرتا ہوں۔

(۱) اگر کوئی شخص صرف بسم اللہ کو فجر اور مغرب کی نماز کے بعد روزانہ ایک سو
ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ اس کو ہر طریقہ کی مراد حاصل ہو جائے گی۔

(۲) اگر کسی کے پیٹ میں درد ہوتا ہو تو اس کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر
پلائے انشاء اللہ درد فوراً دور ہو جائے گا۔

(۳) اگر کسی کے سر میں درد ہو تو اس کو ایک کاغذ میں لکھ کر باندھے انشاء اللہ
درد دفع ہو جائے گا؛ یا تو پیشانی پر چاہے قلم سے، چاہے شہادت کی انگلی سے لکھ دے
فائدہ انشاء اللہ اتنا ہی ہوگا۔

(۴) اگر کوئی شخص اپنی مراد حاصل کرنا چاہے یا دل میں پیسہ کی تمنا ہو تو اس
بسم اللہ کے نقش کو اکیس (۲۱) پرچوں میں الگ الگ لکھے اور اس کو ایسے کنویں میں
ڈالے جس کا پانی صحیح ہو اکیس (۲۱) دن تک روزانہ اس عمل کو کرے۔
لکھنے کا طریقہ : یہ ہے کہ انار کی ٹہنی کا قلم بنائے اور زعفران وگلاب سے
سفید کاغذ پر لکھے پھر ان نقشوں کو کنویں میں ڈال دے، کنویں میں ڈالنے کا طریقہ یہ
ہے کہ جب تعویذ کو کنویں میں ڈالنے کے لئے چلے تو کسی سے بات نہ کرے اور نہ
لکھنے کے وقت کسی سے بات کرے اور نہ کسی سے بتلائے کہ میں یہ کرتا ہوں، عشاء
کے بعد ان نقشوں کو کنویں میں ڈالے، فجر کے پہلے دیکھنے جائے کہ کچھ ملتا ہے یا
نہیں؟ انشاء اللہ اس کی مراد ضرور پوری ہوگی۔

نقش یہ ہے

۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶

سورۂ فاتحہ کا عمل

اگر کوئی شخص فجر کے بعد اکتالیس (۴۱) مرتبہ روزانہ سورۂ فاتحہ پڑھ لیا کرے تو سورۂ فاتحہ اس کا عمل رہے گا؛ اس کی چند خاصیتیں یہ ہیں :

(۱) اگر کسی کو کہیں درد ہو تو سورۂ فاتحہ پڑھے اور درد کی جگہ اپنا ہاتھ رکھے پھر سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاءاللہ درد فوراً دفع ہو جائے گا۔

(۲) اگر کسی کا ذہن کمزور ہو تو سات روز تک روزانہ ستر (۷۰) مرتبہ ایک گلاس پانی پڑھ کر دم کرے اور پی لیا کرے انشاءاللہ سات روز کے بعد ذکی اور ذہین ہو جائے گا۔

(۳) رمضان کے مہینے میں اگر کوئی فجر سے پہلے اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ لے تو دن میں بھوک پیاس نہیں معلوم ہوگی۔

(۴) اگر کسی کو بخار ہو تو اس کو اکتالیس (۴۱) مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائے انشاءاللہ بخار ختم ہو جائے گا۔

(۵) اگر کسی بچہ کو نظر بد لگ گئی تو اگر سورۂ فاتحہ لکھ کر گلے میں باندھ دے تو انشاءاللہ نظر دور ہو جائے گی۔

(۶) اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو یا کیسی بھی بیماری ہو تو اکتالیس (۴۱) روز تک روزانہ سورۂ فاتحہ کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پی لیا کرے انشاءاللہ ساری بیماریاں جو پیٹ کی ہوں گی ختم ہو جائیں گی۔

بہر کیف اس کی خاصیتیں بہت ہیں لیکن چند اختصار کے طور پر ذکر کر دی گئی ہیں واللہ اعلم بالصواب۔

حصار کا طریقہ

سات مرتبہ درود شریف، تین مرتبہ آیۃ الکرسی، چاروں قل تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنی شہادت کی انگلی میں دم کرے اور اپنے چاروں طرف دائرہ کھینچ لے پھر اس کے اندر کوئی بھی عمل کرے انشاءاللہ کوئی مصیبت نہیں آئے گی۔

اب آگے انشاءاللہ مؤکل اور جنات حاضر کرنے کا طریقہ بتلاؤں گا۔

مؤکل حاضر کرنے کا طریقہ؛قل هو الله أحد کا عمل

مؤکل حاضر کرنا یا تابع کرنا یا اس کا عمل کرنا بہت مشکل کام ہے، جس کی ہمت کم ہو وہ اس میں ہاتھ نہ ڈالے، چلہ کھینچنے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ عامل اپنے جسم کو بند کر کے رکھے اور کسی ایسے استاذ سے چلہ کھینچنے کی اجازت لے جو اس فن میں ماہر ہو اگر کوئی استاذ نہ ہو تو اس میں ہرگز ہاتھ نہ ڈالے کیونکہ اس میں عامل کا دماغ خراب ہو جانے کا اندیشہ رہتا ہے؛ کیونکہ چلہ کشی کے درمیان اس کے روبرو ہر قسم کی مصیبت آسکتی ہے، بہت سے پاگل بنے پھرتے ہیں، بہت سے اپنی جان کھو دیتے ہیں، بہت وطن چھوڑ کر چلے جاتے ہیں، بہر کیف جب چلہ اپنی پوری شرائط کے ساتھ نہیں ہوگا تو ایسی مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑے گا اس لئے عامل ہر طریقے کی ہوشیاری کے بعد عمل کرنے کی کوشش کرے۔

عمل کا طریقہ : یہ ہے کہ ایسی تنہائی کی جگہ ہو جہاں کوئی انسان نہ پہنچ سکے اور وہ ہر طرح سے خالی ہو، اس جگہ کو مٹی سے پاک کر کے اور عطر واگربتی وغیرہ سے خوشبو کرے پھر شروع چاند کی پہلی جمعرات بعد نماز عشاء کے اس کی جگہ میں حصار کر کے بیٹھ جائے ، کپڑوں کا پاک ہونا، بدن کا پاک ہونا، باوضو ہونا ضروری ہے، اس کے بعد تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ قل ھواللہ شریف کو پڑھے چالیس دن تک، اسی طرح سے عمل کرے اگر ایک دن کا بھی ناغہ ہوگیا تو چلہ خراب ہوجائے گا، عمل کے درمیان چاول بغیر سالن کے اور روٹی نمک کے ساتھ کھا سکتا ہے اور کچھ بھی نہیں کھا سکتا، ان چیزوں سے پرہیز بہت لازمی ہے: انڈا، گوشت، مچھلی، پیاز اور لہسن ان چیزوں کے کھانے سے بھی چلہ خراب ہو جائے گا، ان ہی شرطوں کے ساتھ اگر عمل کیا تو آخری دن مؤکل حاضر ہوگا اور مؤکل کے ساتھ گفتگو ہوگی اور جو مؤکل سے مانگے گا مؤکل دینے کا وعدہ کرے گا اور جو مؤکل دینے کا وعدہ کرے گا وہ صبح عامل اپنے تکیہ کے نیچے پائے گا اور یہی عمل اگر عامل ہمیشہ پڑھتا رہے گا تو مؤکل ہمیشہ تابع رہے گا اور عامل جو حکم دے گا مؤکل وہی کرے گا۔

مؤکل حاضر کرنے کا طریقہ :**قل ھو اللہ أحد** کا دوسرا عمل

چاند کے اعتبار سے جو پہلی جمعرات ہو اس کو روزہ رکھے اور جمعہ کے دن فجر کی نماز سے پہلے اٹھ کر غسل کرے اس کے بعد نماز ادا کرے پھر ایک ہزار مرتبہ قل ھو اللہ شریف پڑھے پھر ظہر کے بعد ایک ہزار مرتبہ قل ھواللہ شریف پڑھے پھر عصر کے بعد ایک ہزار مرتبہ پڑھے، پھر مغرب کے بعد ایک ہزار مرتبہ پڑھے، پھر عشاء کے

بعد ایک ہزار مرتبہ قل ھواللہ شریف پڑھے؛ اسی طریقے سے ۱۴؍دن تک عمل کرے یعنی ہر نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ قل ھو اللہ شریف پڑھتا رہے، ۱۵؍تاریخ میں جمعرات ہوگی ، اس دن وضو اور غسل کرے پھر عشاء کے بعد قل ھواللہ شریف ۱۵؍ہزار مرتبہ پڑھے اور اس دعاء کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے:

يَا حَنَّانُ أَنْتَ الَّذِىْ وَسِعْتَ كُلَّ شَيْئٍ بِرَحْمَةٍ وَّعِلْمًا أَسْأَلُكَ أَنْ تُسَخِّرَ نِىْ جِنًّا وَّهٰذِهِ السَّوْدَةُ الشَّرِيْفَةُ بِحَقِّ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ .

اس عمل کو بہت ہوشیاری اور بہت احتیاط کے ساتھ کرے تو تین مؤکل اچانک اس کے سامنے آکر حاضر ہو جائیں گے اور عامل سے دریافت کریں گے کہ'' اے نیک بخت تیرا کیا ارادہ ہے؟ تمہاری مراد پوری ہوئی ،ایک بولے گا کہ میرا نام عبدالاحد ہے چونکہ تم نے''**قل ھو اللہ أحد** ''پڑھا ہے،اس لئے میں تمہارے پاس حاضر ہوا ہوں؛ اب تم جو کہو گے میں وہی کروں گا؛ اگر تم کہیں جانا چاہتے ہو تو میں تم کو فوراً وہاں پہنچا دوں گا اور ذرا سی دیر میں واپس کر لاؤں گا؛ دوسرا مؤکل کہے گا کہ میرا نام عبدالصمد ہے کیونکہ تم نے''**اللہ الصمد** ''پڑھا ہے میں تمہارے پاس حاضر ہوں جو تم کہو گے وہی کروں گا، اگر تم کیسی بھی حلال روزی کھانا چاہے تو میں فوراً لاکر تم کو دوں گا، کھلاؤں گا پھر تیسرا مؤکل بولے گا کہ میرا نام بھی عبدالاحد ہے کیونکہ تم نے''**کفواً أحد** ''پڑھا ہے اس لئے میں حاضر ہوں، میں تم کو ہر قسم کی کیمیا سکھاؤں گا اور ہر پوشیدہ چیز کا تم کو پتہ بتلاؤں گا، زمین کے نیچے کی چیزوں کا بھی حال

بتلاؤں گا؛ یہ کہہ کہ وہ تینوں مؤکل چلے جائیں گے، جب عامل کو ضرورت ہوگی تب تینوں حاضر ہوں گے، جو اس کا عمل کر لے اس کو چاہئے کہ ہمیشہ اپنے کپڑوں کو پاک رکھے اور باوضو رہے، استنجاء کرنے کے بعد فوراً وضو کر لے اور روزانہ سورۂ اخلاص ایک سو آٹھ (۱۰۸) مرتبہ پڑھتا رہے اور حرام کبھی نہ کھائے اور جھوٹ کبھی نہ بولے تو یہ ہمیشہ اس کا عمل رہے گا۔

مؤکل عمل کرنے کا طریقہ

اس کو تین روز عمل کرنا ہے، بدھ کی رات میں مٹی کے اوپر کھڑے ہو کر غسل وضو کرے اور حصار کر کے بیٹھ جائے اس کے بعد یہ دعاء تین مرتبہ پڑھے "قفل کردو بحق لا الہ الا اللہ؛ مہر کردم بنام محمد رسول اللہ" پھر بیٹھنے کے بعد یہ دعاء تین ہزار مرتبہ پڑھے "یَاذَکِیُّ الطَّاهِرُ مِنْ کُلِّ آفَةٍ بِقُدُسِهٖ" اور ہر سویر اس منتر کو ایک مرتبہ پڑھے "آمَنْتُ بِهٖ سِوَاهَا اَنَّهٗ بَدُّوْحٌ تَمَا نَادِیْ اُحْضُرْ بِاِذْنِ اللهِ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ" اس طرح روزانہ تین ہزار مرتبہ پڑھے تین دن تک؛ اسی طرح روزانہ تین تین ہزار مرتبہ پڑھے، اگر اس کو تینوں دن اس کی شرائط کے ساتھ کیا تو آخری دن ایک مؤکل عورت کی شکل میں آئے گا اور وہ عامل سے دریافت کرے گا کہ اے عامل مجھ کو کیوں بلایا ہے؟ تو اس وقت عامل فوراً اس کو "ماں" کہے پھر اس کے ساتھ گفتگو ہوگی؛ اس کے بعد وہ غائب ہو جائے گا پھر جب عامل کو ضرورت ہوگی تو وہ عورت کی شکل میں آئے گا اگر عامل ڈر گیا تو پاگل ہو جائے گا۔ واللہ أعلم

جن تابع کرنے کا طریقہ

جنات حاضر کرنا اور تابع کرنا بھی بہت مشکل کام ہے، عام لوگ اس کام کو نہ کریں کیونکہ یہ بہت مشکل کام ہے؛ جو شخص جنات کا عمل تھوڑا بہت جانتا ہے اس کے واسطے یہ بہت فائدہ مند ہے۔

عمل کرنے والے کا دل و دماغ بہت سخت ہونا چاہئے جس کا دل و دماغ سخت نہ ہو اور وہ نرم مزاج کا آدمی ہو تو اس کے واسطے بہت نقصان دہ ہے کیونکہ وہ پاگل بھی ہو سکتا ہے، جان بھی جا سکتی ہے اور بھی بہت پریشانیاں سامنے آسکتی ہیں، عامل کو چاہئے کہ تنہائی کی جگہ اختیار کر لے، سب سے بہتر یہ ہے کہ کسی کھیت میں درخت کے نیچے بیٹھ کر عمل کرے یا ایسی ویران جگہ ہو جہاں کوئی انسان نہ رہتا ہو وہاں بیٹھ کر عمل کرے اور روشنی کسی قسم کی نہیں ہونی چاہئے، زمین کو عطر یا اگربتی سے خوشبو کرے اور حصار کر لے پھر حصار میں بیٹھنے سے پہلے اس نقش کو لکھ کر فلیتہ کر کے جلائے۔

نقش یہ ہے:

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

پھر حصار کے اندر بیٹھ کر یہ دعاء ایک ہزار مرتبہ پڑھے؛ اسی طرح لگاتار

اکتالیس (۴۱) دن عمل کرے ناغہ نہ کرنا چاہئے، عمل کا وقت رات بعد نماز عشاء دس بجے کے بعد ہے اور دعا یہ ہے :

''بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَامَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ رَبْطًا رَبْطًا مَحَلًّا مَحَلًّا نَشْرًا نَشْرًا مَحْشَرًا مَحْشَرًا بِحَقِّ سُلَیْمَانَ پَیْغَمْبَرَ ابْنِ دَاؤُدَ عَلَیْہِمَا السَّلَامُ............ حاضر شد، حاضر شد ، حاضر شد''۔

نقش جلانے کے وقت ممکن ہے کہ جنات آ کر حاضر ہو جائے ، اس وقت عامل کو چاہئے کہ ڈرے نہیں ورنہ پاگل ہو جائے گا ، فلیتہ جلاتے وقت جنات وحشت ناک صورت میں حاضر ہوگا ، بہت چیخ مارتا رہے گا اور عامل کی طرف ہر طرح سے حملہ کرنے کی کوشش کرتا رہے گا ، اگر عامل اس وقت ڈر گیا تو فوراً جنات اس کو جان سے مار دے گا کیونکہ فلیتہ جلنے کے وقت جنات کے جسم میں آگ لگ جاتی ہے اگر عامل نہ ڈرے تو جنات آگ میں جلنے کے بعد عاجز ہو کر تابع ہو جائے گا؛ اگر ہمت کی کمی ہو تو ہرگز اس میں ہاتھ نہ ڈالے اور روزانہ اسی طرح سے عمل کرے ، اگر کوئی کمی نہیں ہوئی تو انشاء اللہ جنات تابع ہو جائے گا۔

جنات اور جنات کے بادشاہ کو تابع رکھنے کا طریقہ

اگر کسی جگہ میں یا کسی مکان میں جنات کسی کو پریشان کرتے ہوں تو اس آیت کا اس طرح سے عمل کرنا کہ وہ جنات اور سردار سب عامل کے تابع دار ہو جائیں۔

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ عامل کو چاہئے کہ جس جگہ جنات کسی کو پریشان کرتے ہیں اس جگہ یعنی مطلب یہ ہے کہ اس مکان میں کسی کنارے اپنے واسطے جگہ منتخب کر لے تا کہ اس جگہ بیٹھ کر عمل کرے ، بہر کیف جس جگہ کو عامل عمل کے واسطے چن لے چاہئے کہ اس جگہ کو مٹی سے پاک کر لے اور اگر بتی لوبان وغیرہ سے خوشبو کر لے پھر رات میں یعنی بعد نماز عشاء اپنی اس جگہ میں حصار کر کے بیٹھ جائے پھر تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر ایک چاقو پر دم کرے ، پھر آیۃ الکرسی پڑھتے پڑھتے اس چاقو سے اپنے چاروں طرف دائرہ کھینچ لے ، اس کے اندر بیٹھ کر عمل پڑھے ؛ عمل پڑھنے سے پہلے آیۃ الکرسی ایک بار پھر بیٹھ کر اپنے اوپر بھی دم کرے پھر کچھ درود شریف پڑھ کر اس آیت کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھے چالیس دن مسلسل اس عمل کو کرے ناغہ نہ کرے۔

امید ہے کہ ۲۱ر دن میں مراد پوری ہو سکتی ہے ، بہر حال جب چلہ پورا ہوگا خواہ اکیس دن میں ہو یا چالیس دن میں تو جنات عامل کے سامنے آجائیں گے اور پوچھیں گے کہ مجھ کو کیوں بلایا ہے؟ تو عامل کو چاہئے کہ اپنی مراد ظاہر کرے ؛ آیت یہ ہے : ''یَاۤاَیُّہَا الْمَلَؤُا اِنِّیْ اُلْقِیَ اِلَیَّ کِتَابٌ کَرِیْمٌ اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمَانَ وَاِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ''۔

سورۂ مزمل کا عمل

چاند کی پہلی جمعرات سے اس عمل کو کرنا چاہئے ، عمل کا طریقہ یہ ہے کہ کوئی تنہائی کی جگہ اختیار کر لے ، عطر و اگر بتی و لوبان وغیرہ سے خوشبو کر لے ، اس کے بعد

حصار کر کے اس کے اندر بیٹھے شروع میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے چالیس روز، روزانہ بلاناغہ، اسی طرح عمل کرے، عمل کا وقت بعد نماز عشاء ہے آخری رات تک ؛ چلہ کے آخری دن پانچ یا سات فقیروں کو پیٹ بھر کر کھانا کھلائے ، ایک وقت پھر رات میں عمل سے فراغت کے بعد ایک تنہا کمرے میں سو جائے ، صبح اٹھ کر ایک آدمی سے ملاقات ہوگی ؛ وہ وجہ چلہ کا مؤکل ہے ؛ وہ مؤکل ہے یانہیں؟ اگر اس کی آزمائش کرنا چاہے تو سورۂ جن کی پہلی ۵/ آیتیں آہستہ آہستہ پڑھے تو مؤکل فوراً غصہ ہو جائے گا، جب مؤکل غصہ ہو جائے تو فوراً پڑھنا بند کر دے یہی اس کا مؤکل ہے، اگر مؤکل نہ ہوگا تو خفا نہ ہوگا۔

واللہ أعلم

سورۂ مزمل کا دوسرا عمل

چاند کی پہلی جمعرات کو بعد نماز عشاء پاک وصاف ہو کر سورۂ مزمل کا عمل شروع کرنے سے پہلے کچھ درود شریف پڑھے پھر حصار کر کے اندر بیٹھ جائے اس کے بعد سورۂ مزمل اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھے ؛ ایک جگہ میں بیٹھ کر چالیس دن مسلسل عمل کرے تو وہ سورۂ مزمل کا عامل ہو جائے گا۔

آخری دن سات فقیروں کو کھانا کھلائے ، اس کے بعد تنہا کمرے میں لیٹ جائے یعنی تنہا سو جائے ، فجر کی نماز اس کمرے میں پڑھے ؛ نماز سے فراغت کے بعد کچھ درود شریف پڑھے پھر اللہ سے رو رو کر دعاء مانگے ، بہت دیر تک دعاء مانگے اور

یوں کہے ''اے اللہ میری مراد پوری کر دے'' اس کے بعد گھر سے نکلتے ہی ایک آدمی سے ملاقات ہوگی ، اس آدمی سے اپنے چلہ کے بارے میں گفتگو کرے اور عامل کو جو کچھ مانگنا ہو اس سے مانگ لے کیونکہ وہی عامل کے چلہ کا مؤکل ہے، انشاء اللہ عامل کا مقصد حل ہو جائے گا اور چلہ کے وقت روزانہ اس نقش کو لکھے پھر اس کو فلیتہ کر کے اپنے سامنے جلائے پھر عمل شروع کرے، اس کے لئے شرط یہ ہے کہ ترک حیوانات ضروری ہے۔

نقش یہ ہے :

یاجبار	٦	١	٨	یاجبار
	٧	٥	٣	
یاجبار	٢	٩	٤	یاجبار

یاغفار یاغفار

سورۂ کہف کا عمل

حاضرات اور جنات تابع کرنے کا طریقہ

عامل اور بعض مولوی صاحبان اور بعض لوگ حاضرات اور جنات کے عمل کی بہت کوشش کرتے ہیں اور خواہش بھی بہت رکھتے ہیں لیکن ان کا مقصد حل نہیں ہوتا ہے؛ خدا کی ذات سے قوی امید ہے کہ اس عمل سے ان کا مقصد حل ہو جائے گا۔

عمل سے پہلے خاص طور پر چند باتیں یاد رکھنا ضروری ہیں وہ یہ کہ جنات کا

عمل کرنا اور اس کا تابع کرنا یہ کوئی آسان چیز نہیں ہے جو بھی عمل کرے وہ یہ سوچ لے کہ میرے ایک ہاتھ میں موت کا جھنڈا ہے اور دوسرے ہاتھ میں زندگی کا یا اپنا مقصد حل کر کے رہوں گا یا تو جان کھونی پڑے گی؛ اگر اتنی ہمت ہو تو عمل کرے ورنہ نہیں۔

جناتی عملیات میں ۲ر عمل زیادہ بھاری اور سب سے بہترین ہیں ایک سورۂ کہف کا؛ دوسرا سورۂ جن کا؛ سورۂ جن کا عمل آگے آرہا ہے، بہر حال میں سورۂ کہف کا عمل بتلا رہا ہوں، عمل سے پہلے جھوٹ بولنا ترک کر دے اور اپنی نگاہ اور دل کو سنبھال کر رکھے تا کہ شہوت کا غلبہ نہ ہو؛ عامل کو ان فحش چیزوں سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ کچھ دن پیشتر ہی سے کھانا کم کھائے اور درود شریف اور کلمۂ شہادت ہر وقت پڑھتا رہے اور ان چیزوں سے پرہیز بہت ضروری ہے: مچھلی، گوشت، انڈا، پیاز، لہسن اور کوئی بھی ایسی چیز نہ کھائے جو بدبودار ہوں اور اپنے جسم میں عطر ہر وقت لگائے رہے اور ہمیشہ باوضو رہے؛ کسی قسم کی ناپاکی اگر ہوئی تو بہت خطرہ ہے، اگر کسی وقت ناپاک ہو جائے تو فوراً پاکی حاصل کر لے، عمل کرنے کی جگہ ایسی ہو جو بالکل تنہائی کی جگہ ہو یا تو کوئی ایسی مسجد ہو جو آبادی سے باہر ہو یعنی ویران ہو یا کسی کھیت کو منتخب کر لے، سب سے بہتر جگہ عمل کرنے کے واسطے پہاڑ کی چوٹی پر بیٹھ کر عمل کرے بہر حال جہاں بھی عمل کرے شروع میں حصار کر لے پھر حصار کے اندر بیٹھ کر سورۂ کہف کی آخری ۵۷ر آیتیں آخری رات تک پڑھتا رہے یعنی ''قَالَ أَلَمْ أَقُلْ لَکَ'' سے آخری سورۃ تک عشاء کی نماز کے بعد شروع کرے، ۱۴ر راتوں کے بعد انشاء اللہ جن آنا شروع ہو جائے گا اور ہر طرح کی عجیب وغریب شکل میں آئے گا، چالیس

ن تک یہی عمل کرے تو جنات اس کے تابع ہو جائے گا، لیکن جنات عمل توڑنے کی کوشش کرے گا، اگر عامل نے اس وقت عمل کو چھوڑ دیا تو پاگل ہو جائے گا یا تو بے انتہاء کو مر جائے گا؛ لہذا عامل کو چاہئے کہ ڈرے نہیں، انشاء اللہ وہ کامیاب ہو جائے گا، چلہ مکمل ہونے کے بعد جو عامل حکم دے گا جنات وہی کرے گا۔ واللہ أعلم

مریض کے اوپر جن حاضر کرنے کا عمل یا طریقہ

اگر کسی مریض کے اوپر جنات حاضر کرنا چاہے تو ان آیتوں کا پہلے عمل کرے اور ان آیتوں کا عمل یہی ہے کہ روزانہ ان دونوں آیتوں کو بعد نماز مغرب سات مرتبہ یا اکیس مرتبہ پڑھ لیا کرے یہی اس کا عمل ہے؛ جب عامل کسی مریض کے پاس پہنچے اور اس پر جنات اس وقت حاضر نہ ہو تو اگر عامل جنات کو حاضر کرنا چاہے تو انہیں دونوں آیتوں کو پڑھ کر مریض کے سر پر پھونک لگائے؛ تھوڑی دیر تک پھونکتا رہے انشاء اللہ فوراً جنات آ کر حاضر ہو جائے گا پھر اس جنات سے عامل سب پوچھ لے کہ کہاں سے آئے ہو؟ کیوں پریشان کرتے ہو؟ اس وقت وہ جنات سب سچ سچ بتادے گا، عامل جو چاہے کرے

اگر چاہے تو اس کو قید کر لے اور اگر چاہے تو قسم وغیرہ لے کر چھوڑ دے اگر قسم لے کر عامل چھوڑے گا تو انشاء اللہ وہ جن آئندہ نہیں ستائے گا اور اگر پھر بھی باز نہ آئے تو آئندہ آنے والے تعویذ کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ جن کبھی نہیں آئے گا۔

آیت یہ ہے

وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَاِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ اِلٰی رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ☆ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْ بَعَثَنَا مِن مَّرْقَدِنَا هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ☆ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ☆ (سورہ یٰس ،آیت ۵۱ ۵۲ ۵۳)

جنات کے حملہ سے بچنے کا تعویذ

اگر کسی آدمی کو جنات پریشان کرتا ہو تو عامل اس دعاء کو لکھ کر مریض کے گلے میں باندھ دے انشاءاللہ جنات سے نجات مل جائے گی،

دعاء یہ ہے

مَاشَاءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَالَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُن وَّلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ يَابُدُّوْحُ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ لِیْ خَمْسَةٌ لَوْ اُطْفِیْ بِهَا حَدَّ وَاَسْمَآئُهَا الْخَاتَمُ
اَلْمُصْطَفٰی وَعَلِیُّ الْمُرْتَضٰی وَاَبْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَۃُ

مکان باندھنے کا طریقہ

جس مکان میں جنات لوگوں کو پریشان کرتے ہوں یعنی کسی کو سونے نہیں دیتے یا گلا گھونٹ دیتے ہوں یا کسی پر اپنا اثر جمائے ہیں بہرحال خواہ کسی بھی قسم سے ستاتے ہوں اگر اس طریقہ سے مکان باندھ دیا جائے تو انشاء اللہ جنات باندھے ہوئے مکان کے اندر نہیں آسکتے اور نہ کسی کو تکلیف دے سکتے ہیں۔

باندھنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب گھر باندھنا ہو یا کوئی جگہ باندھنی ہو تو عامل کو چاہئے کہ پہلے ایک فٹ لمبی اور شہادت کی انگلی کے برابر موٹی چار لوہے کی کیلیں لے لے اور ہر ہر کیل پر تین تین مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کرے، اس کے بعد پھر ہر ہر کیل پر دعاء چہل کاف پڑھ کر دم کرے، اس کے بعد مکان کے چاروں کونوں میں دو فٹ گہری کھدائی کرے ، اس کے بعد پھر مکان کے چاروں کونوں میں چار متقی آدمیوں کو کھڑا کر دے اور پھر وہ چاروں آدمی ایک ساتھ اذان دیں اور عامل چاروں کیلوں کو چاروں گڑھوں میں دفن کر دے، جب پہلی کیل کو دفن کرے تو یہ دعاء پڑھنا شروع کرے ، اسی طرح دعاء پڑھتے پڑھتے دوسرے کونے میں پہنچے پھر پڑھتے پڑھتے تیسرے کونے میں پہنچے پھر چوتھے کونے میں پہنچے اور ہر ہر کیل کو دفن کرے، آخری کونے میں دفن کرنے کے بعد پھر پہلے والے کونے میں دعاء پڑھنا بند کر دے؛ یہ سب کام اذان کے درمیان میں ہونا چاہئے ؛ یہی مکان باندھنے کا اصلی طریقہ ہے؛

دعاء یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ.

مکان باندھنے کا دوسرا طریقہ

جس گھر میں جنات کسی کو پریشان کرتے ہوں تو اس گھر کو باندھنے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ لوہے کی چار چھوٹی دھار دار کیلیں بنا لے اور مٹی کی چار پکی گولک لے لے اور چار کاغذ لے لے اور ہر ہر کاغذ پر چاروں مقرب فرشتوں کے نام لکھے وہ نام یہ ہیں: جبرئیلؑ، اسرائیلؑ، میکائیلؑ، عزرائیلؑ۔

اوران چاروں کیلوں پر چاروں قل تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے، تین تین مرتبہ آیۃ الکرسی اور تین تین مرتبہ دعاء چہل کاف پڑھ کر ہر ہر کیل پر دم کرے اور یہ آیت کریمہ پچیس (۲۵) مرتبہ ہر ہر کیل پر دم کرے اور ایک ایک کیل ہر ہر گولک میں ڈالے اور گولک کا منھ سمینٹ سے بند کردے اور مکان کے چاروں طرف گڑھا کھودے اور چار آدمیوں کے ہاتھ میں چاروں گولک دیدے اور چار آدمی ایک ساتھ اذان پڑھیں اور گولک والے آدمی گولکوں کو اذان کے ساتھ ہی دفن کردیں اور اس بات کا احتیاط کیا جائے کہ باندھے ہوئے مکان کے اندر گھوڑا نہ گھسے ورنہ بند ٹوٹ جائے گا۔

آیت یہ ہے

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّأَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكَافِرِيْنَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا. (سورہ الطارق، آیت ۱۷)

اگر کسی آدمی کو تنہا چلنے کی وجہ سے جنات موقع دیکھ کر اس کو ڈرائے یا پریشان کرے تو عامل اس دعاء کو لکھ کر یا اس دعاء کو سات مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے یا لکھ کر گلے میں ڈالدے، انشاءاللہ فائدہ ہوگا اور ڈر ختم ہوجائے گا۔

دعاء یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الٓمّٓصٓ طٰهٰ طٰسٓمّٓ كٓهٰيٰعٓصٓ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ.

جنات اتارنے کا آسان طریقہ

جس کو جن پکڑ کے بے ہوش کردیتا ہے اور جس کو بے ہوش نہیں کرتا ہے دونوں کے واسطے یہ تدبیر مفید ہے، طریقہ یہ ہے کہ سات مرتبہ درود شریف، تین مرتبہ قل ھو اللہ، تین مرتبہ قل أعوذ برب الناس، تین مرتبہ قل أعوذ برب الفلق، تین مرتبہ آیۃ الکرسی، تین مرتبہ سورۂ حشر کی آخری تین آیتیں اور سورۂ جن ''قُلْ اِنَّمَا أَدْعُوْا رَبِّيْ '' سے ''مِنَ اللّٰهِ وَرِسَالَاتِهٖ'' تک تین مرتبہ پڑھے، پہلے ایک پیالہ پانی اور سرسوں کا تیل سامنے رکھے پھر یہ سب پڑھ کر تیل اور پانی دم کرے اس کے بعد مریض کے پاس جائے اور ایک پاک کپڑا لے کر مریض کی آنکھ باندھ دے تاکہ وہ دیکھ نہ سکے اس کے بعد پانی کو ہاتھ میں لے کر مریض کے چہرے پر زور سے چھینٹا مارے، خدا کے فضل سے کتنی ہی بڑی بے ہوشی ہو فوراً ہوش آجائے گا اور اگر مریض کو پہلے سے ہوش ہے تو تب بھی وہ قول وقرار کرلے گا یعنی مریض کے اوپر جن حاضر ہو۔

اگر عامل چاہے تو اس کو قید کردے اور اگر عامل چاہے تو قول وقرار لے کر چھوڑ دے اور اگر جن چھوڑ کر جانا چاہے تو وہ تیل لے کر شہادت کی انگلی میں لگا کر دونوں کانوں میں زور سے دبالے اور کچھ تیل آنکھوں میں لگائے اور جب آنکھوں میں تیل لگائے تو اس وقت بندھا ہوا کپڑا کھول دے اور چہرے پر برابر چھینٹا مارتا رہے خواہ کتنا ہی بڑا جن ہو باپ باپ کرتا بھاگ جائے گا۔

جن لوگوں کو جنات ہمیشہ ستاتے ہیں اس کی تعویذ

جو آدمی جنات کے وسوسہ سے ہمیشہ بیمار رہتا ہے اس کے لئے یہ تدبیر بہت مفید ہے، دو نقش میں لکھ رہا ہوں ان دونوں نقشوں میں سے ایک نقش کو صبح اور ایک شام میں روزانہ دھو کر پی لیا کرے،

صبح کا نقش یہ ہے :

۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

شام کا نقش یہ ہے :

۱۳۷۵۲۶	۱۳۷۵۳۰	۱۳۷۵۳۳	۱۳۷۵۱۹
۱۳۷۵۳۲	۱۳۷۵۲۰	۱۳۷۵۲۵	۱۳۷۵۳۱
۱۳۷۵۲۱	۱۳۷۵۳۵	۱۳۷۵۲۸	۱۳۷۵۲۴
۱۳۷۵۲۹	۱۳۷۵۲۳	۱۳۷۵۲۲	۱۳۷۵۳۴

جس گھر میں جنات پریشان کرتے ہیں اس کا تعویذ

اگر کسی گھر میں جنات پریشان کرتے ہیں کسی کو سونے نہیں دیتے یا کسی کو ڈراتے ہیں یا گھر میں ڈھیلہ وغیرہ پھینکتے ہیں خواہ کسی بھی قسم سے پریشان کرتے ہوں

تو چاہئے کہ کوئی بھی عامل اس تعویذ کو لکھ کر گھر میں لگادے انشاءاللہ پھر کبھی ایسا نہیں ہوگا۔

تعویذ یہ ہے :

۷۸۶

۱۱	۱۴	۱۷	۴
۱۶	۵	۱۰	۱۵
۶	۱۹	۱۲	۹
۱۳	۸	۷	۱۸

اگر کسی کو جن پریشان کرتا ہو تو اس کا تعویذ

اگر کسی شخص کو جنات پریشان کرے تو اگر عامل اس تعویذ کو لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے تو انشاءاللہ جنات کبھی نہیں آئے گا۔

تعویذ یہ ہے :

۱۵۷۰	۱۵۷۳	۱۵۷۶	۱۵۶۳
۱۵۷۵	۱۵۶۴	۱۵۶۹	۱۵۷۴
۱۵۶۵	۱۵۷۸	۱۵۷۱	۱۵۶۸
۱۵۷۲	۱۵۶۷	۱۵۶۶	۱۵۷۷

بحق لا اله الا الله محمد رسول الله

جس گھر کے اندر جن پریشان کرتا ہو تو یہ تعویذ

جس گھر کے اندر جن پریشان کرتا ہو تو یہ تعویذ لکھ کر اس گھر کے دروازے پر لٹکا دے کسی بھی قسم کی پریشانی ہو تو انشاء اللہ دور ہو جائے گی۔

نقش معظم یہ ہے:

یا غفار بحق ۷۸۶ یا جبرائیل

۱۵۳۲	۱۵۳۷	۱۵۳۰
۱۵۳۱	۱۵۳۳	۱۵۳۵
۱۵۳۶	۱۵۲۹	۱۵۳۴

یاستار بحق ۷۸۶ یا عزرائیل

یا قہار بحق ۷۸۶ یا میکائیل

یا جبار بحق ۷۸۶ یا اسرافیلؑ

پانی دم کر کے جن بھگانے کا طریقہ

اگر کسی کو جن پکڑ لے اور چھوڑ کر جانا نہیں چاہتا ہے تو یہ آیت تین مرتبہ پانی پر دم کر کے پلا دے، پانی پیتے ہی انشاء اللہ جن بھاگ جائے گا۔

آیت یہ ہے : اذقال یوسف سے لے کر ساجدین تک اور سورۂ رحمٰن میں یامعشر الجن سے لے کر الا بسلطان تک۔ واللہ اعلم

جن بھگانے کا آسان طریقہ

اگر کسی کو جنات نے پکڑ لیا اور چھوڑ کر نہیں جانا چاہتا ہے اور عاملوں کو بھی پریشان کر چکا ہے اس کے لئے یہ طریقہ بہت آسان ہے کہ سات کالی مرچیں لے لے اور پھر ان کالی مرچوں کے ساتوں دانوں پر الگ الگ سورۂ قریش سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس کو بغیر پانی میں ملائے پیس کر سرمہ بنائے اور اس سرمہ کو جنات کے مریض کے آنکھوں میں اچھی طرح لگا دے، لیکن مریض کو معلوم نہ ہونے پائے کہ یہ سرمہ کس چیز کا ہے؟ انشاء اللہ جن بھاگ جائے گا، اسی وقت چھوڑ کر اور مندرجہ ذیل ناموں کو زعفران سے کسی پلیٹ میں لکھ لے پھر اس کو دھو کر اس کا پانی مریض کو پلا دے۔

نام یہ ہیں : یاالله یاالله یاالله یاالله

دوسرا طریقہ

اگر کبھی جن کسی کو تکلیف دے تو اس آیت کو لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے انشاء اللہ جن بھاگ جائے گا، اگر جنات کو جلانے کا ارادہ ہے تو اس آیت کو لکھ کر فلیتہ بنائے اور اس کو روشن کر کے مریض کو سنگھائے انشاء اللہ جن جل کر راکھ ہو جائے گا لیکن یہ بات یاد رکھو کہ جن کا جلانا اچھا نہیں ہے، بھگانے کے طریقے میں نے بہت لکھ دئے ہیں، انہیں سے عامل کو کام لینا چاہئے،

آیت یہ ہے: الله لله لوتراً۔

جن حاضر کرنے کا طریقہ

جن حاضر کرنے سے پہلے اپنے آپ کو بند کرلے یعنی حصار کرلے اور اس حصار میں بیٹھ جائے، حصار کے متعلق بات پہلے گذر چکی ہے، عامل حصار کے اندر بیٹھے اور مریض کو اپنے سامنے بٹھائے یعنی حصار کے باہر، پھر عامل کو چاہئے کہ پہلے کچھ درود شریف پڑھ لے، اس کے بعد تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے پھر ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے اور اس آیت کو تین مرتبہ پڑھے۔

آیت یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَكُبْكِبُوْا فِیْهَا هُمْ وَالْغَاوُوْنَ وَجُنُوْدُ اِبْلِیْسَ اَجْمَعُوْنَ (سورہ الشعراء، آیت ۹۵)

انشاءاللہ جن حاضر ہوجائے گا؛ عامل جو چاہے سو کرے، چاہے چھوڑ دے، چاہے جلادے؛ جلانے کا طریقہ انشاءاللہ آگے آئے گا۔

جن حاضر کرنے کا دوسرا طریقہ

اگر کبھی کوئی جنات کسی آدمی کو ستاتا ہو جس کی بناء پر وہ آدمی مریض ہوگیا ہے اور اس جنات کو چھڑانے کے لئے جب کوئی عامل آتا ہے تو وہ جنات عامل کو بھی بھگادیتا ہے، جس کی بناء پر عامل بھی پریشان ہوگیا ہے تو ایسے موقع پر عامل ایک گلاب کا پھول لے لے، اس پھول پر آنے والی دعاء کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے، اس کے بعد وہ پھول مریض کو سونگھائے اور کچھ پھول زیادہ لے لے، دوسرے

پھولوں کو مریض کے سر پر مارتا رہے انشاءاللہ جن آکر فوراً حاضر ہوجائے گا تو عامل کو اختیار ہے، چاہے جلادے، چاہے بند کردے، چاہے قول وقرار لے کر چھوڑ دے اور اس دعاء کا عمل یہ ہے کہ اس دعاء کو خوب زبانی یاد کرلے پھر روزانہ گیارہ دن تک گیارہ گیارہ مرتبہ کسی وقت پڑھ لیا کرے، یہی اس کا عمل ہے۔

دعاء یہ ہے

عَزَمْتُ عَلَیْكُمْ فَتَحُوْا لَکَ حَبِیْبَکَ حَبِیْبَکَ اَلَمْ اَلَمْ صَفْكًا صَفْكًا اَلِیْسًا اَلِیْسًا جَلَسًا جَلَسًا طَلِسًا طَلِسًا مُوْذَا كَهَلًا كَهَلًا جَلَهَلًا جَلَهَلًا مَهَلًا مَهَلًا سَنْجِیًا سَنْجِیًا سَدِیًّا مَنْسِیًا نَسِیًا بِحَقِّ خَاتَمِ سُلَیْمَانَ ابْنِ دَاؤُدَ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ اُحْضُرُوْا مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ وَمِنْ جَانِبِ الْاَیْمَنِ وَالْاَیْسَرِ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ بِحَقِّ عَرْشِ اللّٰهِ وَكُرْسِیِّهٖ۔ واللہ أعلم

جنات کے بادشاہ کا عمل

یہ عمل عجیب وغریب تاثیر رکھتا ہے، اس عمل کے ذریعہ سے ہر چیز معلوم ہوجاتی ہے خواہ وہ چیز دنیا کے کسی بھی کنارے پر ہو یا زمین کے نیچے ہو بہرحال سب چیز معلوم ہوجائے گی، جو اس عمل کو کرے گا وہی جانے گا کہ یہ عمل کیا کیا گل کھلاتا ہے اور خدا کی ذات سے اس بات کی قوی امید ہے کہ مرض اور قریب قریب ہر بیماری کی دوا بھی معلوم ہوسکتی ہے؛ عمل کا طریقہ یہ ہے کہ شروع چاند کی پہلی جمعرات کو بعد نماز

عشاء کسی تنہائی جگہ میں حصار کر کے بیٹھے پھر اس دعاء کو یعنی مندرجۂ ذیل دعاء کو ایک سو گیارہ بار پڑھے چالیس دن مسلسل اس کا عمل کرے، عمل کے درمیان ترک حیوانات ضروری ہے، چالیس دن کے بعد یہ اس کا عمل ہوجائے گا، اس کے بعد جب کسی چیز کو معلوم کرنا ہوتو اس کے معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ آنے والے نقش کا فلیتہ بنائے اور نئے چراغ میں چمیلی کے تیل سے روشن کرے، اب اگر مریض کے بارے میں معلوم کرنا ہے تو پہلے مریض کو غسل کرائے اور اس کے ساتھ ایک لڑکی کو غسل کرائے لڑکی ایسی ہو کہ اس کی عمر سات سے لے کر بارہ سال کے درمیان ہو پھر ان دونوں کو سامنے بٹھلائے اور ان دونوں کے بدن میں خوشبو ملے پھر چراغ کو ان دونوں کے روبرو روشن کرے اور عامل اپنے عمل کی ہوئی دعاء کو برابر پڑھتا رہے اور مریض اور بچی دونوں پر دم کرتا رہے اور لڑکی سے پوچھتا رہے کہ تم کچھ دیکھ رہی ہو یا نہیں؟ اگر لڑکی یہ بتائے کہ میں کچھ نہیں دیکھ رہی ہوں تو پھر پڑھو اور اس لڑکی سے پھر پوچھو کہ کچھ دیکھ رہی ہو یا نہیں؟ اگر اب بھی بتلائے کہ کچھ بھی نہیں دیکھ رہی ہوں تو لڑکی سے کہو کہ وہ اپنی آنکھیں بند کر لے، اب پھر پڑھ کر دم کرے انشاءاللہ لڑکی کی نظر میں چار فقیر حاضر ہو گئے تو جب لڑکی بتلادے کہ چار فقیروں کو دیکھ رہی ہوں تو عامل لڑکی سے کہے کہ میرا سلام ان فقیروں سے کہہ دو جس کو تم دیکھ رہی ہو، لڑکی عامل کا سلام فقیروں سے کہے گی تو جب فقیر عامل کے سلام کا جواب دیدے تو پھر اس کے بعد جس چیز کے بارے میں معلوم کرنا ہو وہ لڑکی ان فقیروں سے کہے

گی فقیر اس کا جواب صحیح صحیح دیں گے۔

عمل کی دعاء یہ ہے اور یہی دعاء حاضرات کی ہے

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ أَجِبْ يَا مَهَائِيْلُ يَا عَمَاقِيْلُ يَا تَفْتَائِيْلُ يَاسَائِيْلُ أَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ اُحْضُرُوا الْمُسَخَّرَاتِ وَالْحَاضِرَاتِ بِحَقِّ فَهْمُوْسِ سَلِيْقَا حَرْفُوْشِ حَرْفُوْشِ عَدُوْشِ عَدُوْشِ صَوْشِ هَدُوْشِ هَدُوْشِ بِحَقِّ يَامَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاَرْوَاحِ وَالشَّيَاطِيْنِ اُحْضُرُوْا مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ اُحْضُرُوْا مِنْ جَانِبِ الْجُنُوْبِ وَالشِّمَالِ اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا يَافَتَّاحُ عَالِيْ شَاهْ حَاضِرْ شُدْ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ.

نقش یہ ہے :

۲۳۹۹	۲۴۰۲	۲۴۰۵	۲۳۹۲
۲۴۰۴	۲۳۹۳	۲۳۹۸	۲۴۰۳
۲۳۹۴	۲۴۰۷	۲۴۰۰	۲۳۹۷
۲۴۰۱	۲۳۹۶	۲۳۹۵	۲۴۰۶

جنات کو بوتل میں بند کرنے کا طریقہ

یہ ہے کہ اگر کبھی کسی کے اوپر جنات آجائے تو اس جنات کو اگر عامل چاہے کہ میں اس کو بوتل میں بند کروں تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ عامل ایک بڑے بوتل کو

پاک وصاف کر کے ہاتھ میں لے لے اور مندرجۂ ذیل دعاء کو تین مرتبہ الگ الگ کاغذوں میں لکھے، ایک کاغذ کو بوتل کے اندر ڈالدے اور ایک کاغذ کو بوتل کے منہ پر باہر سے چپکا دے تا کہ بوتل کا منہ کھلا رہے اور ایک کاغذ عامل اپنے ہاتھ میں رکھے اور اس دعاء کو جس کو نیچے لکھا گیا ہے برابر پڑھتا رہے، جب بوتل ہاتھ میں وزن معلوم ہو تو اس وقت عامل یہ سمجھ لے کہ جنات بوتل کے اندر آ گیا ہے تو اس وقت عامل فوراً بوتل کا منہ ڈھکن سے بند کر دے پھر اس بوتل کو دریا میں ڈالدے یا زمین میں دفن کر دے، ایسا کرنا صحیح نہیں ہے کیونکہ ہم نے جنات کے بھگانے کی بہت سی صورتیں ذکر کر دی ہیں، انہیں سے عامل کو کام لینا چاہئے۔

دعاء یہ ہے

أَفَـوَلَدُ بِشُ فَمُوْشًا هَشَهَاابْنِ الْمَلِكِ اُحْضُرُوْا رَاجِيُوْا دُعِيَ اللّٰهُ طَائِفِيْنَ بِلْقُوْشِوَلَوْتَرٰى الْخَزَائِنَةَ مِنَ الْيَوْمِ السَّاعَةِ۔ والله أعلم

جنات کو بوتل میں بند کرنے کا دوسرا طریقہ

اگر کوئی عامل چاہے کہ میں جنات کو بوتل میں بند کرنے کا عمل کروں تو اس آیت کو بعد نماز عشاء تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ چالیس دن تک مسلسل پڑھے، چالیس دن کے بعد یہ آیت اس کا عمل ہو جائے گا، اس کے بعد اگر کبھی کسی کو جن پکڑ لے اور عامل کو چاہے کہ میں اس کو بوتل میں بند کروں تو ایک بڑا بوتل پاک وصاف کر کے عامل اپنے ہاتھ میں لے اور مریض کو اپنے روبرو مصلیٰ بچھا کر بٹھائے

اور عامل خود حصار کر کے بیٹھے، اگر اس مریض پر جنات اس وقت حاضر نہ ہو تو حاضر کرنے کا طریقہ جو میں لکھ چکا ہوں اس کے ذریعہ حاضر کرے اور اگر اس وقت جنات حاضر ہو تو حاضر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں تو پھر اس کے بعد اس آیت کو تین کاغذوں میں الگ الگ لکھے، اس کے بعد بوتل میں تھوڑا سا پانی ڈالدے، اس پانی میں اس آیت کو تین کاغذوں میں الگ الگ لکھے، اس کے بعد بوتل میں تھوڑا سا پانی ڈالدے، اس پانی میں اس آیت کو ۴۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرے پھر ایک کاغذ کو پانی میں ڈالدے پھر دوسرے لکھے ہوئے کاغذ کو عامل مریض کی پیشانی میں مضبوطی سے دبا کر پکڑ لے اور دوسرے ہاتھ کی شہادت کی انگلی کو بوتل کے منہ میں ڈال کر رکھے پھر اسی حالت میں اس دعاء کو پھر ۴۱ مرتبہ پڑھے اور مریض کے چہرے پر زور سے پھونک مارے، اس کے بعد عامل کی وہ انگلی جو بوتل کے منہ پر ہے خود بخود ہٹ جائے گی جب انگلی بوتل سے ہٹ جائے تو عامل سمجھ لے کہ جن بوتل کے اندر آ گیا ہے پھر فوراً بوتل کو ڈھکن سے مضبوطی سے بند کر دے پھر عامل جو چاہے کرے، چاہے دریا میں ڈالدے، چاہے دفن کر دے۔

آیت یہ ہے

أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّأَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ. (سوره المومنون، آیت ۱۱۵)

جن جلانے کا فلیتہ

اگر کبھی کوئی جن کسی کو پکڑ لے اور عامل اگر اس کو چاہے کہ جلادے تو اس کا فلیتہ یہ ہے ،یعنی آنے والے فلیتہ کو کاغذ پر لکھ کر فلیتہ بنائے اور اس کے اوپر نیلا دھاگہ لپیٹ دے پھر اس فلیتہ کو نئے چراغ میں تیل کے ساتھ جلائے اور اس کا دھواں مریض کو سونگھائے انشاءاللہ جن جل کر راکھ ہوجائے گا۔

پہلا فلیتہ یہ ہے :ااا د د ا ل ص عھد ھد صفال

س لا عملوا ولا له

صد



جلانے والی

(۱)

(۲) 

(۳) 

دوسرا فلیتہ یہ ہے :

۵۵۴	۵۵۹	۵۵۲
۵۵۳	۵۵۵	۵۵۷
۵۵۸	۵۵۱	۵۵۶

جن چھڑانے اور اس کا نام معلوم کرنے کا طریقہ

اگر کسی کو جن ہمیشہ پریشان کرتا ہے اور وہ جن نہ تو عامل کے ہاتھ آتا ہے اور نہ تو اپنا نام بتاتا ہے اور مریض کو ہر وقت پریشان کرتا رہتا ہے تو اس جنات کا نام معلوم کرنے کا اور اس کو بھگانے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ایک پاک وصاف جگہ منتخب کر لے پھر اس جگہ کو عطر وغیرہ سے خوشبو کرے اور پھر وہیں پر ایک پاک کپڑا بچھائے، پھر مریض کو پاک وصاف کر کے بٹھائے، پھر عامل ایک برتن میں سرسوں کا تیل لے لے اور ایک پیالہ پانی رکھ لے، اس تیل کے اوپر پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے، اس کے بعد تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے، پھر تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے، پھر تین مرتبہ سورۂ فلق پڑھے، پھر تین مرتبہ سورۂ ناس پڑھے، ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے، پھر سورۂ جن کے شروع کی پانچ آیتیں پڑھے، یہ سب پڑھ کر اس تیل پر دم کرے، پھر ایک ایسے آدمی کو بلائے جو وضو وغیرہ سے پاک وصاف ہو، پھر اس آدمی کی دونوں ہاتھ کی شہادت کی انگلیوں میں اس تیل کو خوب اچھی طرح لگادے پھر اس آدمی سے کہے کہ ان دونوں انگلیوں کو مریض کے کان مین ڈال کر رکھے اور عامل سورۂ یاسین کی یہ تین آیتیں پڑھے وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ سے لے کر جَمِیْعٌ لَّدَیْنَا مُحْضَرُوْ نَ تک، ان تینوں آیتوں کو پڑھ کر مریض کے سر پر دم کرے جن فوراً حاضر ہوجائے گا تو وہ جن عامل کے دریافت کے مطابق سارا اپنا قصہ بتادے گا، اس کے بعد عامل جن سے کہے کہ تم چلے جاؤ، اگر جن نہ جائے تو جو فلیتہ ہم نے جنات جلانے کا لکھا ہے، اسی طرح سے لکھ کر عامل جن کو سونگھائے وہ جن یا تو مر جائے گا یا تو بھاگ جائے گا۔ واللہ أعلم

جنات بھگانے کی تعویذ

جس کو جن یا پری یا دیو ہمیشہ پریشان کرتا ہو یا جس کو خطرہ ہو کہ مجھ کو جن پریشان کرے گا تو اس دعاء کو تعویذ بنا کر بازو میں باندھ دے، پھر اگر جنات یا اور کوئی چیز پریشان کرتی ہے تو کبھی بھی اس کے پاس نہیں آئے گی اور نہ ہی کوئی شئ اس کو نقصان پہنچا سکے گی۔

دعاء یہ ہے

بسم الله الرحمن الرحيم

هذا كتاب من رسول الله رب العالمين من طرق الهدى من العماد الذى طرق بطريق بصير أما بعد فان لنا ولكم فى الجن سعة فان لک عاسقا مراعا فاجر مقيه ما او راعيا مطلا فهذا كتاب الله ينطق علينا وعليكم بالحق ان كنا نستنسخ ماكنتم تعلمون و أرسلنااليهم لدينا يكتبون ما تمكرون اتركوا صاحب كتابى هذا وتطلقون الى عبدة الى صاحبكم والى من بزعم أن مع الله ألهة أخرىٰ لا اله الا هو كل شئ هلک الا وجهه وله الحكم واليه ترجعون ☆ حمٓ لايبصرون حمٓعٓسٓقٓ العنكبوت هذا حمٓ والكتاب المبين تقون اعواء الله وبلغت صبحة الله ولاحول ولاقوة الا بالله فسيكفيكم الله وهو السميع العليم☆

نقش یہ ہے:

٧٨٦

استغفر الله	ان الله	غفور رحيم
قل أوحى	الىّ	انه استمع
نفر	من الجن	لا ليت الله الجن

یہ جنات کا مریض ہے یا نہیں؟ معلوم کرنے کا طریقہ

جس کسی کو جن ہمیشہ ستاتا ہو تو اس کے اوپر جن ہے یا نہیں؟ مریض کو اگر یہ دکھانا چاہو تو اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر دیوار پر چپکا دے اور مریض کو اس تعویذ کے روبرو بٹھائے اور اس نقش کے اندر جو ستارہ ہے اس ستارے کے بیچ میں جو سفیدی ہے، عامل مریض سے کہے کہ اس ستارے میں غور سے دیکھو، تھوڑی دیر میں جنات مریض کے اوپر آکر حاضر ہو جائے گا اور جس مریض کے اوپر جنات حاضر نہ ہو لیکن پریشان کرتا ہے اور مریض کے اوپر جنات کا اثر کہاں سے ہوا ہے یعنی کس جگہ سے؟ کس وجہ سے ہوا ہے؟ بہر حال سارا ماجرا مریض اپنی آنکھوں سے اس تعویذ کے اندر دیکھ لے گا، اگر اس نقش کے اندر مریض کو کچھ دکھائی نہ دے تو وہ جنات کا مرض نہیں ہے، یہ عجیب وغریب نقش ہے۔

نقش یہ ہے :

۳۳۵۰۷	۳۳۵۰۳	۳۳۵۰۹
۳۳۵۰۸	☆	۳۳۵۰۵
۳۳۵۰۴	۳۳۵۱۰	۳۳۵۰۶

اس نقش کے عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ انار کے درخت کی ٹہنی کا ایک قلم بنائے اور اس قلم سے مشتری کے وقت ۲۵/نقش لکھے اور ان کاغذوں کی پچیس گولیاں الگ الگ بنائے، پھر گیہوں کا آٹا گوندھ لے، پھر ان گولیوں کو الگ الگ آٹے میں گوندکر گولی بنائے، پھر ان گولیوں کو جو دریا بہتا ہو اس میں ڈالدے، لگاتار آٹھ دن روزانہ یہ عمل کرے، آخری دن ۲۶/نقش کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے، پھر اس کے بعد اس نقش کا مؤکل تمہارے عمل میں ہو جائے گا اور وہی مؤکل جنات کو لاکر نقش میں حاضر کرے گا۔

مریض کے گلے میں باندھنے کا تعویذ

جس کو جنات پریشان کرتا ہو اس تعویذ کو لکھ کر چاندی کا کھول بنا کر اس میں اس کو بند کرے پھر مریض کے گلے میں باندھ دے پھر انشاء اللہ جنات کبھی مریض کو پریشان نہیں کرے گا۔

تعویذ یہ ہے :

۷۸۶

۱۱ ۷ ۹ ع ۴ غ ۱۱۲ ۱ ۴ ۳

یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ
یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ
یا علی	یا علی	یا علی	یا علی	یا علی
یاھو	یاھو	یاھو	یاھو	یاھو
اللہ ھو	کر	نناہ لو	فلاں بن فلاں	افت الا
نیا	لی	قل تام	تاعو	تلیس

ڈنڈا عمل کرنے کا طریقہ

جو عامل جناتوں کو ہمیشہ اتارتا رہتا ہے اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے اور کرنا بھی چاہئے، کیونکہ بعض جن بہت خبیث ہوتے ہیں اور وہ جنات عامل کی بعض مرتبہ بے عزتی بھی کر ڈالتے ہیں، تو عامل کو چاہئے کہ انار کے پیڑ کا ایک سوا گز کا ایسا ڈنڈا کاٹے کہ شہادت کی انگلی سے زیادہ موٹا ہو، عامل اس ڈنڈے پر پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کرے پھر آنے والی آیت کو ۲۱/مرتبہ پڑھ کر دم کرے، اکیس دن لگاتار یہ عمل کرے، مدت پوری ہونے کے بعد ڈنڈا اس کا حل ہو جائے گا پھر اس کے بعد اگر کسی کو جن پکڑے تو مریض کی پیٹھ

کے اوپر وہی ڈنڈا درمیانی قوت سے مارے، اگر آہستہ بھی ہوگا تو جنات کو بہت زور سے معلوم ہوگا، جنات کو ایسا معلوم ہوگا کہ مجھ کو بجلی کے چابک سے مارا جارہا ہے، اس وقت وہ جن فوراً بھاگ جائے گا، جس عامل نے بھی یہ طریقہ اختیار کیا ہے تو جنات اس کا نام سنتے ہی فوراً بھاگ جاتے ہیں۔

آیت یہ ہے

بسم الله الرحمن الرحيم

اِنَّ الَّـذِيْـنَ فَتَـنُـوْا الْـمُـؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ☆ (سورہ البروج،آیت۱۰)

سورۂ جن کا عمل

سورۂ جن کا عمل بہت ہی خطرناک ہے، اس سورۃ کا عمل کر کے عجیب وغریب نظارہ کرسکتا ہے، لیکن خطرناک اس شخص کے لئے ہے جو اس فن سے واقف نہ ہو اور جو واقف ہے اس کے لئے کسی قسم کی پریشانی نہیں ہے، اس سورۃ کو عمل کرنے سے پہلے اس سورۃ کو عامل زبانی یاد کرلے، اس کے بعد ہمیشہ چلتے پھرتے پڑھتا رہے اور عطر وغیرہ جسم میں لگائے رکھے، پھر جب عامل عمل کے لئے تیار ہو تو پہلے ایک ایسی جگہ تلاش کرے جو تنہائی کی ہو جہاں رات میں کوئی نہ پہنچ سکے، جنگل کی مسجد ہو یا کھیت یا کوئی درخت ہو جس کے نیچے بیٹھ کر عمل کرے، پھر عامل ایک سفید کپڑا پہن

لے اور ایک کپڑا اوڑھ لے پھر اپنی عمل کی جگہ میں پہنچ جائے، چلہ کے درمیان عامل ترک حیوانات کرے اور عامل کو چاہئے کہ ان دنوں میں اپنے ہاتھ سے پکا کر کھائے، اگر بیوی ہو تو بیوی سے پرہیز بھی ضروری ہے، اس کے بعد جب عربی مہینے کی پہلی جمعرات ہو تو اس دن سے اس سورۃ کا عمل کرے پھر عامل اپنی جگہ بیٹھ کر پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پھر دس مرتبہ قل ھو اللہ شریف پڑھے، پھر تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے، اس کے بعد تمام انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کو اس کا ایصال ثواب کرے، پھر اللہ تعالی سے بہت عاجزی کے ساتھ دعاء مانگے کہ اے اللہ میری مراد پوری فرمادے، یہ سب حصار کے اندر پڑھنا بہتر ہے، حصار کا طریقہ پہلے ذکر کیا جاچکا ہے۔

دوسرا طریقہ: اس سے یہ طریقہ بہتر ہے کہ اول گیارہ مرتبہ درود شریف، پھر تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے، پھر تین مرتبہ چہل کاف پڑھے، پھر چاروں قل تین تین مرتبہ پڑھے، پھر الحمد شریف تین مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھ کے شہادت کی انگلی پر دم کر کے اپنے چاروں طرف دائرہ کھینچ لے، پھر اس کے اندر بیٹھ کر سورۂ جن چالیس مرتبہ پڑھے، اسی طریقہ سے چالیس دن مسلسل وہیں بیٹھ کر عمل کرے، انشاء اللہ اس کا مقصد حل ہوجائے گا اور جب نماز پڑھے تو بھی اسی سورۃ کو پڑھے اور چلتے پھرتے برابر اس سورۃ کا ورد کرے اور اللہ سے روزانہ اپنی مراد کے لئے دعاء مانگتا رہے، انشاءاللہ کامیاب ہوجائے گا۔

اگر عامل کا دائرہ مضبوط ہو اور سورۂ جن کے پڑھنے میں کوئی غلطی نہ ہو تو

خداکے فضل سے اس کے سامنے کچھ بھی نہیں آئے گا اور وہ اس سورۃ کا عامل بن جائے گا اور جن ہمیشہ تابع رہے گا اور کبھی عامل کے سامنے جنات آجائے تو عامل یہ سوچ لے کہ میرے ہاتھ میں ڈنڈا ہے اور میں بکری چرارہا ہوں، کیونکہ جس کے ہاتھ میں ڈنڈا ہو بکری اس کا کچھ نہیں کرسکتی ، اگر کوئی بری صورت سامنے آجائے تو عامل برابر پڑھتا رہے اور دل میں یہ نہ سوچے کہ یہ مجھ کو مارڈالے گا ، انشاء اللہ جن اس کا کچھ نہیں کرسکتا۔

اب جو شخص چاہے کہ میں سورۂ جن کا عمل کروں تو اس کو چاہئے کہ انہیں شرطوں کے مطابق عمل کرے، انشاء اللہ جن اس کا کچھ بھی نہیں کرسکے گا۔ **واللہ أعلم بالصواب**

دعاء چہل کاف کا عمل

اگر کوئی شخص چاہے کہ میں دعاء چہل کاف کا عمل کروں اور اس دعاء کے مؤکل کو حاضر کروں اور ان کو اپنے تابع بنالوں تو عامل کے لئے یہ بات ضروری ہے کہ پہلے اس دعاء کو حفظ یاد کرلے، جو عمل کے شرائط سورۂ جن کے ہیں وہی اس دعاء کے عمل کے شرائط ہیں، مہینے کی پہلی جمعرات کو بعد نماز عشاء دعاء چہل کاف کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے، چالیس روز مسلسل اسی مقدار میں پڑھے، پھر اس کے بعد انشاء اللہ وہ اس دعاء کا عامل ہوجائے گا اور اس دعاء کے مؤکل تابع ہوجائیں گے، پھر اس کے بعد جب بھی کوئی ضرورت پڑے تو یہ دعاء پڑھ کر خدا سے دعاء کرے انشاء اللہ

دعاء فوراً قبول ہوگی اور بہت جلد مقصد حل ہوجائے گا ، نیز اگر کبھی کسی کو جن پکڑلے اور کوئی عامل اس جن کو نہ اتار سکے تو اس جن کا علاج چہل کاف کے ذریعہ ہوجائے گا ،بہت آسانی کے ساتھ وہ جن بھاگ جائے گا۔

بعض جن تو چہل کاف کے عامل کو دیکھتے ہی بھاگ جاتے ہیں ، بہر حال اگر کوئی ایسا جن ہو جو کسی سے نہ بھاگتا ہو تو عامل کو چاہئے کہ دعاء چہل کاف کو سرسوں کے تیل کے اوپر ۷رمرتبہ پڑھ کر دم کرے ، پھر ایک طاقت ور آدمی کو بلالے جو نماز کی پابندی بھی کرتا ہو پھر اس آدمی کی دونوں شہادت کی انگلیوں میں اس تیل کو لگائے ، پھر اس آدمی سے کہے کہ مریض کے دونوں کانوں میں شہادت کی دونوں انگلیاں ڈال کر زور سے دبائے رکھے تو انشاء اللہ جن چیخ چیخ کر فوراً بھاگ جائے گا اور اگر عامل جن کو جلانا چاہے تو وہ چہل کاف مع مؤکلوں کے ناموں کے ۷رمرتبہ پڑھ کر اسی تیل میں دم کرے اور مذکورہ طریقہ سے انگلیوں کے ذریعہ تیل کانوں میں لگائے انشاء اللہ جن فوراً جل جائے گا اور جلنے کی بدبو انگلیوں سے آئے گی ، عمل صرف چہل کاف کا کیا جائے گا ، مع مؤکلوں کے نام کے ساتھ ذکر کرتا ہوں جو تیل میں پڑھا جائے گا ، ۷رمرتبہ پڑھ کر تیل میں دم کرے۔

دعاء یہ ہے

كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً يَا حَنْقَائِيْلُ كِفْكَافُهَا
كَكَمِيْنَ يَادَرْدَائِيْلُ كَانَ مِنْ كَلِكَ يَا جِبْرَائِيْلُ تَكُرُّ كَرًّا

يَا كَلْكَائِيْلُ كَكَرِّ الْكَرَّ يَامِيْكَائِيْلُ فِيْ كَبَدِيْ تَحْكِيْ مُشَكْشَكَةً يَا نَعْمَائِيْلُ كَلُكْلَكٍ كَلِكَ يَاسَرْكَائِيْلُ كَفَاكَ مَابِيْ كَفَاكَ الْكَافَ كُرْبَتَهٗ يَاعِزْرَائِيْلُ يَاكَوْكَبًا كَانَ تَحْكِيْ كَوْكَبَ الْفَلَكِ يَادَرْدَائِيْلُ يَامِيْكَائِيْلُ.

ناخون پر مؤکل حاضر کرنے کا طریقہ

ناخون پر مؤکل حاضر کرنے کا عمل یہ ہے کہ اگر کوئی چاہے کہ میں ناخون پر حاضرات کا عمل کروں تو اس کو چاہئے کہ پہلے کچھ درود شریف پڑھے، پھر تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے، پھر یہ آیت یعنی يَامَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ أَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَاتَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطَانٍ. (سورہ الرحمٰن، آیت ۲۷) چالیس مرتبہ پڑھے، پھر حصار سے باہر نکلے، چالیس دن تک روزانہ کرے، اس کے بعد انشاء اللہ اس آیت کا مؤکل تابع ہو جائے گا، پھر اس کے بعد جب کسی چیز کی ضرورت ہو یا کوئی چیز معلوم کرنا ہو تو تھوڑا سرسوں کا تیل لے کر اس پر چالیس مرتبہ اس آیت کو اور تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کرے، پھر ایسی لڑکی کو جس کی عمر سات سال سے گیارہ سال کے درمیان ہو اس کو نہلا کر ایک پاک کپڑا اچھا کر اس پر بٹھائے، پھر اس آیت کو تین مرتبہ اور آیۃ الکرسی چالیس مرتبہ پڑھے اور پڑھا ہوا تیل لڑکی کے دونون ہاتھ کے انگوٹھوں کے ناخون میں لگائے، اس کے بعد دعاء پڑھ کر اس لڑکی پر دم کرے، انشاء اللہ دم کرتے ہی مؤکل

حاضر ہو جائیں گے پھر اگر کسی مرض کے متعلق یا کسی آسیب کے متعلق یا کسی بھی چیز کے بارے میں معلوم کرنا ہو تو لڑکی سے کہو تو لڑکی مؤکل سے پوچھے گی، مؤکل انشاء اللہ سچ سچ جواب دیں گے، عامل کو جس چیز کے بارے میں معلوم کرنا ہو معلوم کر سکتا ہے، سب کا صحیح جواب ملے گا۔ واللہ أعلم بالصواب

آیت کریمہ کا عمل

☆ لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ☆

آیت کریمہ کے عمل کی بہت عجیب وغریب تاثیر ہے، اس آیت کریمہ کی بہت سی خاصیتیں ہیں ؛ یہاں چند خاصیتوں کو ذکر کرتا ہوں ؛ اگر کسی کو کوئی سخت ضرورت ہو یا کوئی مقدمہ درپیش ہو یا کسی کو بہت ہی سخت بیماری ہو یا کوئی اور سخت مصیبت میں ہو تو ۳......۵......۱۱ آدمی یا اس سے بھی زیادہ تو سب مل کر اس آیت کو ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھے پھر اس کے بعد رو روکر اللہ تعالی سے دعاء مانگے انشاء اللہ فوراً فائدہ ہوگا؛ خواہ کسی بھی ضرورت کے لئے دعاء مانگے انشاء اللہ فوراً فائدہ ہوگا کسی ضرورت کے لئے عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کسی دریا کے اندر سینے تک پانی میں کھڑے ہو پھر اول وآخر کچھ درود شریف پڑھ لے پھر آیت کریمہ کو گیارہ سو پچیس (۱۱۲۵) مرتبہ پڑھے چالیس روز کے بعد انشاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔

دوسرا طریقہ

دریا میں اتنے ہی پانی کے مقدار میں ۲۱ر مرتبہ پڑھے، پھر بھی اس کا مقصد

حل ہوجائے گا، اگر دریا میں نہ ہوسکے تو کسی کنویں کے پاس کھڑے ہوکر ایک سو ستر مرتبہ پڑھے، پھر بھی انشاء اللہ اس کا مقصد حل ہوجائے گا، اگر کسی کے دل میں یہ تمنا ہو کہ میں آیت کریمہ کا عامل بنوں تو مہینہ کی پہلی جمعرات کو کسی ایسی تنہائی کی جگہ میں پڑھے جہاں کسی انسان کی آواز نہ پہنچے یعنی ویران جگہ میں، بہر کیف جو بھی جگہ پسند کرے پہلے اس جگہ کو پاک کرے پھر حصار کر کے آیت کریمہ کو تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھے، روزانہ چالیس دن اس کا عمل کرے، چلہ کے درمیان ترک حیوانات ضروری ہے، جھوٹ نہ بولے، فضول بات چیت بھی نہ کرے، زیادہ اِدھر اُدھر نہ پھرے بلکہ تنہائی جگہ میں رہنا زیادہ بہتر ہے، چالیس دن کے بعد انشاء اللہ آیت کریمہ کا عامل ہوجائے گا اور اس کے مؤکل قبضہ میں ہوجائیں گے۔

فائدہ : اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ دعاء بہت مقبول ہے، جس دعاء سے پہلے آیت کریمہ تین مرتبہ پڑھ لے تو وہ دعاء فوراً قبول ہوتی ہے، اسی آیت کریمہ کی برکت سے حضرت یونس علیہ السلام نے مچھلی کے پیٹ سے نجات پائی تھی۔

دوسرا فائدہ : جب کسی جنات کے مریض کو اس کا جن دکھانا ہو تو اس آیت کریمہ کو گیارہ سو پچیس مرتبہ پڑھ کر ایک ایسے پیالے میں پانی لے جو دیکھنے میں خوبصورت معلوم ہوتا ہو، اس میں دم کرے اور مریض پانی میں نظر رکھے، انشاء اللہ جنات فوراً پانی کے اندر آجائے گا، دیکھنے میں ایسا معلوم ہوگا گویا مریض خشکی میں دیکھ رہا ہے، مریض اپنا سارا واقعہ دیکھ لے گا کہ جنات نے کہاں سے پریشان کرنا شروع کیا ہے۔

جنات ہی ہے یا کوئی شئ ہے؟ پھر اس کے بعد عامل کو اختیار حاصل ہے چاہے قید کر لے، چاہے چھوڑ دے پھر اس آیت کو مریض کے گلے میں لکھ کر باندھ دے انشاء اللہ جنات کبھی بھی نہیں آئے گا۔

جنات حاضر کرنے کا فلیتہ

اگر کسی مریض کے اوپر ایسا جنات ہو تو جو آتا ہو پھر بھاگ جاتا ہو پھر آتا ہو پھر بھاگ جاتا ہو اور عامل کے ہاتھ نہیں آتا ہو تو اس کو حاضر کرنے کے لئے یہ فلیتہ بہت مفید ہے، اس فلیتہ کو مٹی کے ایک کورے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر روشن کرے اور دھواں مریض کو سونگھاتا رہے، جنات مریض کے اوپر حاضر ہوجائے گا اور اپنا تمام واقعہ بتادے گا کہ کون ہے؟ کیا نام ہے؟ کتنے دنوں سے پریشان کرتا ہے، پھر اس کے بعد عامل کو اختیار ہے چاہے قید کرے، چاہے جلادے یا قول و قرار کر کے چھوڑ دے۔

فلیتہ یہ ہے:



جنات کا نام معلوم کرنے کا فلیتہ

جو جنات مریض کو پریشان کرتا ہے اور اپنا نام نہیں بتاتا تو عامل اس فلیتہ کو لکھے، پھر کالے دھاگے میں لپیٹے، پھر فلیتہ کو روشن کرے اور اس کا دھواں مریض کو سونگھاتا رہے، جن سونگھتے ہی فوراً توبہ کرکے نام بتادے گا اور بھاگ جائے گا۔

فلیتہ یہ ہے :

۷۸۶

طلسم لعنت مرمائی بہ	مرمائی لعنت	مومائی لعنت
۵۵۶	۵۵۱	۵۵۸
۵۵۷	۵۵۵	۵۵۳
۵۵۲	۵۵۹	۵۵۴

دوشو دفلا السمیت صفافی

جنات اتارنے کا آسان طریقہ

اگر کسی کو کوئی ایسا جنات پکڑلے جو عاملوں کو بھی پریشان کردیتا ہے یا ایسا خبیث ہے جو مریض کو چھوڑتا ہی نہیں یا ایسی پری ہو جو ہمیشہ پریشان کرتی ہو اور عامل علاج کرتے کرتے تھک گیا ہو تو اس طریقہ سے عامل علاج کرے تو اس سے انشاء اللہ کیسا ہی جنات ہو یا کیسی ہی پری ہو یا کیسا ہی خبیث ہو فوراً بھاگ جائے گا، یہ پریشان کرنا دو قسم پر ہے۔

(۱) ایک تو ایسا ہوتا ہے کہ جنات ہمیشہ تکلیف ہی دیتا رہتا ہے اور مریض کے اوپر حاضر نہیں ہوتا ہے، مثلاً بدخوابی دکھاتا ہے یا سونے نہیں دیتا یا گھر میں ڈراؤنی شکلیں دکھاتا ہے یا بچوں کو پریشان کرتا ہے یا کوئی بیماری لگادیتا ہے جس کی وجہ سے ہمیشہ پریشانی ہوتی ہی رہتی ہے تو عامل کو چاہئے کہ آنے والے طریقہ سے پانی اور سرسوں کے تیل کے اوپر پڑھ کر دم کرے پھر مریض سوتے وقت تیل کو اپنے پورے بدن میں مالش کرے اور جب جب پیاس لگے تو دم کئے ہوئے پانی میں تازہ پانی ملاکر پئے انشاء اللہ آہستہ آہستہ جنات چھوڑ دے گا۔

اگر کسی کے دل میں یہ تمنا ہو کہ میں چور پکڑنے کا عمل کروں تو اس کو چاہئے کہ منگل، بدھ اور جمعرات تین دن روزہ رکھے اور روزانہ کھیر سے افطار کرے، آخری دن عشاء کی نماز کے بعد سورۂ قدر کو پانچ ہزار مرتبہ پڑھے، مسلسل چالیس روز ایک ہی ٹائم اور ایک ہی جگہ پڑھے پھر چالیس دن کے بعد وہ اس دعاء کا عامل ہوجائے گا، آخری دن غیب سے ایک آدمی کھڑا ہوجائے گا، عامل کو چاہئے کہ ڈرے نہیں اور جب تک وہ آدمی بات نہ کرے تب تک عامل بھی بات نہ کرے ورنہ شدید خطرہ ہے، پھر وہ آدمی عامل سے دریافت کرے گا کہ اے عامل تم نے مجھ کو کیوں بلایا ہے؟ تو عامل کو چاہئے کہ یہ جواب دے کہ اے بزرگ بھائی جب میں تم کو یاد کروں تب تم ہمارے سامنے آجانا، یہ بات سن کر مؤکل خوش ہوجائے گا پھر وہ مؤکل عامل کو کوئی چیز دے گا، عامل وہ چیز بڑی حفاظت سے رکھے پھر جب کسی کا کوئی سامان گم ہوجائے اور عامل چاہے کہ میں چور پکڑوں اور چور کو اپنے سامنے حاضر کروں تو جو چیز مؤکل نے عامل کو دی تھی اس چیز کو عامل لے کر کسی ایسے چوراہے پر جہاں قریب میں کوئی پیڑ نہ ہو پھر وضو کر کے اسی سورۃ کو پانچ مرتبہ پڑھے پھر اسی سورۃ کو پچیس مرتبہ پڑھ کر اس چیز پر پھونک لگائے جو چیز مؤکل نے عامل کو دی تھی، اس کے بعد اس اسم کو پچیس مرتبہ پڑھے، اسم یہ ہے: خـرام سـورہ شریف حاضر شود

فلاں چیز بردہ مال مسروقة و آن را حاضر کر بحق یا بدوح (۲۵رمرتبہ) جب پورا ہو جائے تب پچیس مرتبہ سورہ شریف کو دکھن کی طرف منہ کر کے پڑھے پھر پچیس مرتبہ پورب کی طرف منہ کر کے پڑھے پھر اسی مقدار میں پچھم کی طرف منہ کر کے پڑھے پھر اتر کی طرف منہ کر کے پڑھے پھر چور کو مؤکل مع مال کے لاکر حاضر کر دے گا پھر جو چاہے چور کے ساتھ برتاؤ کرے۔

چوری کیا ہوا مال واپس کرنے کا طریقہ

جب کسی آدمی کا مال چوری ہو جائے تو اس کو چاہئے کہ اس نقش کو لکھ کر بھاری پتھر کے نیچے دبا کر رکھے انشاء اللہ چور حیران و پریشان ہو کر مال واپس کر دے گا۔
نقش یہ ہے :

۴۴۶	۴۴۹	۴۵۲	۴۳۹
۴۵۱	۴۴۰	۴۴۵	۴۵۰
۴۴۱	۴۵۴	۴۴۷	۴۴۴
۴۴۸	۴۴۳	۴۴۲	۴۵۳

فلاں ابن فلاں کی چیز چوری ہوئی ھے

ایک آئی ذوالجلال تعویذ پر برکت دیوے ھوملال

دیگر

جب کسی آدمی کا کوئی مال چوری ہو جائے اور وہ چاہے کہ میں معلوم کروں کہ چور کون ہے؟ تو اس کے معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک تانبے کا لوٹا لے اور اس

لوٹے کے پیٹ میں باہر کی طرف چاروں طرف سے آٹھ مرتبہ **یامالک** اور لوٹے کی ٹونٹی پر ایک مرتبہ اسی اسم کو لکھے اور لوٹے کے سر میں چاروں طرف **یا** رب لکھے اور اس کے نیچے چاروں فرشتوں کا نام لکھے اور لوٹے پر قرآن شریف رکھے پھر دو آدمی روبرو بیٹھے، پہلے دس دس مرتبہ دونوں آدمی قل ھو اللہ شریف پڑھے پھر دونوں آدمی لوٹے کو اپنی شہادت کی انگلی پر اٹھائے پھر جن لوگوں پر شک ہو ان کے نام پرچوں پر لکھے پھر ایک ایک پرچی لوٹے میں ڈال کر نکالتے جائیں، جس نام کی پرچی پر لوٹا گھوم جائے وہی چور ہے اور اگر نہ گھومے تو کوئی چور نہیں ہے اور اگر زیادہ تقویت دینی ہے تو ہر پرچی جب لوٹے میں ڈالے تو سورۂ یٰس شریف مکرمین تک پڑھے، اگر چور ہوگا تو انشاء اللہ ضرور گھومے گا۔

روٹی کے ذریعہ چور پکڑنے کا طریقہ

اگر کسی کا سامان چوری ہو جائے تو اس کو چاہئے کہ اس دعاء کو روٹی پر لکھ کر اس روٹی کے ٹکڑے کر لے، پھر اس روٹی کو جن لوگوں پر شک ہے ان کو کھلائے جو چور ہوگا روٹی اس کے گلے میں پھنس جائے گی، جب تک وہ اقرار نہ کر لے گا تب تک وہ روٹی نہ اوپر جائے گی اور نہ نیچے اترے گی۔

دعاء یہ ہے : **یاقاھر یاقاھر یاقاھر ذوالبطش الشدید لایطاق انتقامه یا قاھر غضبا یا کبیر الشدید یا قاھر یا نار کونی أنزلت علی البیت الفلانة.**

یا آیۃ الکرسی روٹی پر لکھ کر کھلائے؛ دونوں کی خاصیت ایک ہے۔

کٹوری چھوڑ کر چور پکڑنے کا طریقہ

جب کسی کا کوئی مال چوری ہو جائے اور وہ چاہے کہ میں چور پکڑوں تو اس کو چاہئے کہ ایک ہتھیلی کے برابر تانبے کی کٹوری لے لے، اس کٹوری کو خوب دھو کر صاف کر لے پھر اس کے اندر اس نقش کو لکھے اور نقش کے ایک طرف اس دعاء کو لکھے پھر اس کٹوری کو زمین پر رکھدے پھر اس کٹوری پر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرے پھر چالیس مرتبہ اللہ اللہ پڑھ کر دم کرے پھر عامل ایک دوسرے آدمی کو بلائے اور عامل اس آدمی سے یہ کہے کہ دل میں یہ خیال کرے کہ جو بھی چور ہو کٹوری اس کے پاس لے جائے پھر اس کٹوری پر وہ آدمی ہاتھ رکھے جو بھی چور ہوگا کٹوری وہیں کھینچ لے جائے گی۔

دعاء یہ ہے

اللھم انت المعطی وانا السائل فمن یدعوا السائل الا الموطی یارب بحق یاسر کائیل.

نقش یہ ہے :

۱۶	۱۹	۲۲	۹
۲۱	۱۰	۱۵	۲۰
۱۱	۲۴	۱۷	۱۴
۱۸	۱۳	۱۲	۲۳

نواں باب بیماری معلوم کرنے کے بیان میں

اگر یہ کسی کو معلوم کرنا ہو کہ اس کو کیا بیماری ہے؟ تو اس کو چاہئے کہ اس طریقہ سے معلوم کرے۔

طریقہ یہ ہے کہ اس نقش کو لکھ کر مریض کے ہاتھ میں دے پھر دو مرتبہ اس لفظ کو پڑھے **بالحصا بالحصا** پھر ایک مرتبہ **یامحشفا** پڑھے؛ پھر چار مرتبہ **یاملحشا ملدنہ** پڑھے؛ پھر سات مرتبہ اس دعاء کو پڑھے **بحق سلیمان ابن داؤد علیہ السلام** ان تمام چیزوں کو پڑھنے کے بعد مریض کے ہاتھ پر زور سے پھونک مارے پھر کچھ دیر بعد مریض سے معلوم کرے کہ ہاتھ کو کھولو؛ اگر مریض کے ہاتھ کانپنے لگے تو اس کے اوپر دیو پری جنات کا اثر ہے اور اگر سر یا پیر بھاری معلوم ہونے لگے تو جادو کا اثر ہے؛ ہر عامل کے لئے سوچ بوجھ کر علاج کرنا ضروری ہے۔

نقش یہ ہے :

۷۸۶

۳۲۴	۳۲۷	۳۳۰	۳۱۷
۳۲۹	۳۱۸	۳۲۳	۳۲۸
۳۱۹	۳۳۲	۳۲۵	۳۲۲
۳۲۶	۳۲۱	۳۲۰	۳۳۱

مرض معلوم کرنے کا دوسرا طریقہ

اگر کوئی شخص سخت بیمار ہو اور سب عاجز ہو گئے ہوں اور یہ نہ معلوم ہو سکے کہ اس کو کونسی بیماری ہے تو اس کو معلوم کرنے کا بہترین اور آسان طریقہ یہ ہے کہ پہلے نیلا دھاگہ لے ؛ پھر اس کو مریض کے قد کے برابر سات بار تار کر کے ناپ لے ؛ کمی زیادتی نہ ہونے پائے یا مریض اپنے ہاتھ سے تین ہاتھ اور ایک بالشت ناپ لے ؛ اس کے بعد اس دھاگے کو عامل اپنے ہاتھ میں لے کر تین مرتبہ درود شریف پڑھے، سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے، پھر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے،

دعاء یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَبُوْشٍ مَقُوْسٍ مَعْیَاشٍ شَافِیْشٍ
مَاشٍ اَبُوْشٍ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ☆

پھر سب پڑھنے کے بعد دھاگے پر عامل زور سے پھونک مارے پھر مریض کو جیسے پہلے ناپا تھا اسی طرح سے ناپے ؛ خدا کی قدرت سے وہ دھاگہ چھوٹا یا بڑا ہوگا ؛ اگر ایک انگل چھوٹا ہے تو دیو کی نظر ہے اور اگر دو انگل چھوٹا ہے تو جنات کی نظر ہے اور اگر تین انگل چھوٹا ہو تو جادو کا اثر ہے اور اگر چار انگل چھوٹا ہوا ہو تو ام الصبیان کی نظر ہے۔

نوٹ : جو علاج ڈائن کی نظر کا ہے وہی علاج ام الصبیان کی نظر کا ہے اور اگر دھاگہ ایک انگل سے بڑھ گیا ہو تو انسان کی نظر ہے اور اگر دو انگل سے بڑھ گیا ہو تو

کفتر کی نظر ہے اور اگر تین انگل سے بڑھ گیا ہو تو بائے اور پتہ کی شکایت ہے اور اگر چار انگل زائد ہو تو اس کو بخار ہے اور اگر بڑا چھوٹا کچھ بھی نہ ہو تو وہ ڈاکٹر کے پاس جائے اور علاج کرے۔

مرض معلوم کرنے کا تیسرا طریقہ

مذکورہ بالا طریقہ پر یہ عمل بھی کیا جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قنوش منقش حماش شاقیش
ماش أبوش بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ☆

ہر مصیبت سے بچنے کی دعاء

جب کسی آدمی کو چاروں طرف سے مصیبت آ کر گھیر لے اور اس کو نکلنے کی کوئی امید نہ ہو تو اس دعاء کو ہمیشہ پڑھتا رہے اور اس کو لکھ کر اپنے ساتھ رکھے انشاء اللہ تمام مصیبتوں سے محفوظ ہو جائے گا۔

دعاء یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُلْ لَّنْ یُّصِیْبَنَآ اِلَّا مَا کَتَبَ اللّٰہُ لَنَا هُوَ مَوْلٰنَا وَعَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ وَاِنْ یَّمْسَسْکَ اللّٰہُ بِضُرٍّ فَلَا کَاشِفَ لَہٗ اِلَّا هُوَ وَاِنْ یُّرِدْکَ بِخَیْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ یُصِیْبُ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ وَمَامِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا

عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا كُلٌّ فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ، اِنِّىْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّىْ وَرَبِّكُم مَّامِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ ءَاخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّىْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ، وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّاتَحْمِلُ رِزْقَهَا اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ، مَايَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِن رَّحْمَةٍ فَلَامُمْسِكَ لَهَا وَمَايُمْسِكْ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْ بَعْدِهٖ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ، وَلَئِنْ سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ قُلْ أَفَرَءَ يْتُم مَّاتَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ أَرَادَنِىَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖ أَوْ أَرَادَنِىْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ قُلْ حَسْبِىَ اللّٰهُ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ.

ہر قسم کا درد صحیح کرنے کا طریقہ

کسی انسان کے بدن میں درد ہو یہ درد کہیں پر بھی ہو تو مٹی کی پکی پلیٹ پر اس آیت کو لکھے پھر اس میں زیتون کا تیل ڈال کر ہلکا گرم کرلے پھر اس تیل سے درد کی جگہ مالش کرے درد فوراً دور ہو جائے گا۔

آیت یہ ہے

وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْبِهٖ أَوْ قَاعِدًا أَوْ قَآئِمًا فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَأَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَاكَانُوْا يَعْمَلُوْنَ. (سورہ یونس،آیت ۱۲)

دیگر

اگر کسی آدمی کے بدن میں درد ہو جہاں پر درد ہو تو اس جگہ ہاتھ رکھ کر اس دعاء کو سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اگر اندرونی درد ہو تو اس دعاء کو لکھ کر دھو کر پلائے یا پانی پر دم کر کے پلائے۔

دعاء یہ ہے

وَبِالْحَقِّ أَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَا أَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا

(سورہ بنی اسرائیل،آیت ۱۰۵).

سر کے درد کے لئے

اگر کسی کے سر میں درد ہو یا اور کہیں بھی درد ہو تو ان دردوں کو دور کرنے کے لئے ا ب ج د ہ و ز ح ط ی تختہ پر ریت بچھا کر لوہے کے کیل سے ان حروف کو لکھے، پھر کیل سے الف پر دبائے پھر سورۂ فاتحہ پڑھ کر کیل پر پھونک دے اسی حروف کو کیل سے مٹائے اس سے پہلے مریض کے درد کی جگہ کو دوسرے آدمی سے پکڑا لے پھر حروف مٹانے کے بعد اس سے کہے کہ چھوڑ دو، مریض سے پوچھے کم ہوا یا نہیں؟ اگر کم نہیں ہوا ہو تو پھر درد کی جگہ کو پکڑوا کر دوسرے حروف پر کیل سے دبائے پھر دو مرتبہ الحمدللہ شریف پڑھے پھر پھونک کر حروف کو مٹائے پھر چھوڑ کر پوچھے کہ درد کم ہوا کہ نہیں؟ اسی طرح ہر حرف کو دباتا جائے، سورۂ فاتحہ بڑھا کر پڑھتا جائے انشاء اللہ درد ختم ہو جائے گا۔

سر کا درد دور کرنے کی دوسری تدبیر

جس کے سر میں برابر درد رہتا ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر سر پر باندھ دے انشاء اللہ درد دور ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے :

١١٩١٩١١١٧٩١٩١١ ملعا

دیگر

اس تعویذ کو لکھ کر سر کے درد کے لئے سر میں باندھے انشاء اللہ درد دور ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے :



دیگر

اگر کسی کے سر میں درد ہو اور درد کی وجہ سے بہت پریشانی ہو رہی ہو تو اس تعویذ

کو لکھ کر سر میں باندھ دے انشاء اللہ درد دور ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے :

٧٨٦

یارب

٧٧٨	٨٧
یاشافی	
٦٣٢	

یارحیم

یاعظیم

دیگر

اگر سر میں درد ہو رہا ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر سر میں باندھ دے انشاء اللہ درد دور ہو جائے گا۔

تعویذ یہ ہے : **مهطعسهلسکهوف.**

دیگر

اگر کسی کے سر میں درد ہو تو سر کو پکڑ کر اس دعاء کو تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ درد دور ہو جائے گا۔

دعاء یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ، بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ أَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ غَرْقِ الْغَارِ وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ.

دیگر

اگر سر میں درد ہو تو اس دعاء کو سر پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ پڑھے انشاء اللہ درد دور ہو جائے گا۔

دعاء یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَاءِ، بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ، بِسْمِ اللّٰهِ اسْمُهٗ بَرَكَةٌ وَّاسِعَةٌ، بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَايَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَىْءٌ فِى الْاَرْضِ وَلَافِى السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ.

دیگر

اگر سر میں درد ہو تو ریت پر ان حروف کو لکھ کر سر کو ہاتھ سے پکڑوا کر اس دعاء کو پڑھ کر پھونک دے پھر کیل سے پہلا حرف مٹا دے پھر دوسرے حرف میں دو مرتبہ، تیسرے حرف میں تین مرتبہ سے بڑھا کر پڑھتا جائے اور حروف کو مٹاتا جائے انشاء اللہ درد دور ہو جائے گا۔

حروف یہ ہیں: ا ج ا ل ی ک ج ح ا م ح

دعاء یہ ہے

وَلَوْشَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا وَلَهٗ مَاسَكَنَ فِى الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ.

دیگر

اگر کسی کے سر میں درد ہو رہا ہو تو اس دعاء کو لکھ کر باندھے انشاء اللہ درد دور ہو جائے گا۔

دعاء یہ ہے: كٓهٰيٰعٓصٓ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا اِذْنَادٰى رَبَّهٗ نِدَاءً خَفِيًّا قَالَ رَبِّ اِنِّىْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّىْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا. (سورہ مریم [illegible])

دیگر

سر کے درد کے لئے اس دعاء کو لکھ کر باندھے انشاء اللہ درد دور ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے:

اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	محمد	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ

دیگر

اگر کسی کے سر میں درد ہو تو اس تعویذ کو سر میں باندھ دے انشاء اللہ سر کا درد ختم ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے:

ب	ب
ب	ب

آدھے سر درد کے لئے تعویذ

اگر کسی کے آدھے سر میں درد ہو تو اس آیت کو لکھ کر باندھے انشاء اللہ آدھے سر کا درد دور ہو جائے گا۔

آیت یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّکَ کَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْشَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاکِنًا ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَیْهِ دَلِیْلًا ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَیْنَا قَبْضًا یَّسِیْرًا. (سورہ فرقان، آیت ۴۵-۴۶)

کان کے درد کی تعویذ

جس آدمی کے کان میں ہمیشہ درد رہتا ہو تو روزانہ تین مرتبہ سورۂ حشر کا آخری رکوع پڑھ کر دم کرے، تین دن یہ عمل کرے انشاء اللہ درد ختم ہو جائے گا۔

دیگر

اگر کسی کے کان میں درد ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں باندھے انشاء اللہ درد دور ہو جائے گا۔

تعویذ یہ ہے

کَاَنْ لَّمْ یَسْمَعْهَا کَاَنَّ فِیْۤ اُذُنَیْهِ وَقْرًا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ. (سورہ لقمان، آیت ۷، اسراء، آیت ۱۰۵)

آنکھوں کے بیماری کا علاج

اگر کسی کی آنکھ میں سے پانی ٹپکتا رہتا ہے یا بینائی کمزور ہو گئی ہو یا بینائی ختم ہو جانے کا اندیشہ ہو یا آنکھ میں پھنسی وغیرہ نکلی ہو یا آنکھ میں چوٹ لگ گئی ہو جس کی وجہ سے آنکھ سرخ ہو گئی ہو بہر حال ان تمام مرضوں میں اس دعاء کو روزانہ مغرب اور فجر کے بعد تین تین مرتبہ پڑھ کر انگلیوں پر دم کر کے اپنی آنکھوں پر پھیر لے انشاء اللہ صحیح ہو جائے گا۔

دعاء یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآءَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ. (سورہ ق، آیت ۲۲)

ڈاڑھ کا درد ختم کرنے کا طریقہ

اگر کسی کے دانت میں کیڑہ لگ گیا ہو تو اس کو چاہئے کہ لکڑی کے تختہ پر ریت بچھالے پھر اس ریت پر لوہے کی کیل سے یہ الفاظ لکھے ''ابجد ھوز حطی'' ان الفاظ کے حروف کو علیحدہ علیحدہ لکھے، اس کا عامل لوہے کی کیل سے الف کو زور سے دبا کر رکھے اور جس کے دانت میں کیڑہ لگا ہو اس سے کہے کہ دو انگلیوں سے اپنے اس دانت کو پکڑ لے جس میں کیڑہ لگا ہے، اس کے بعد عامل ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرے اور جس حرف کو دبایا ہے مٹا دے، پھر معلوم کرے کہ درد صحیح ہوا یا نہیں؟ اگر اب بھی درد ہو تو پھر ''ب'' کو پھر ''ج'' کو؛ ان تمام حرفوں کے ساتھ جھاڑے انشاء اللہ آرام ہو جائے گا، نیز ہر قسم کا درد اس طریقہ سے کٹ جاتا ہے۔

دیگر

جس کے داڑھ میں ہمیشہ درد لگا رہتا ہو یا کیڑہ لگ گیا ہو تو اس کو چاہئے کہ اس تعویذ کو لکھ کر جس طرف کے ڈاڑھ میں درد ہو اس طرف کے کان میں لٹکا دے انشاءاللہ درد جاتا رہے گا۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۴	۵	۵	۵	۷	۴	۵	۴
۴	۵	۵	۵	۲	۵	۵	

دیگر

جس کے داڑھ میں کیڑہ لگ گیا ہو تو اس کو چاہئے کہ اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاءاللہ کیڑہ مرجائے گا۔

نقش یہ ہے :

۷۸۶

۷	۸	۶	۱	۸	۹	۷	۴	۴	۱	۸	۱	۰	
۲	۵	۷	۳	۱	۱	۶	۹	۷	۴	۱	۸	۱	
۹	۶	۷	۲	۲	۹	۴	۷	۷	۵	۳	۶	۱	۸
۱	۲	ء	۲	۸	۳	۴	۱	۵					
۵۱	۲۵	۲	۷	۱	۱	۲							

کندھے کے درد کی تعویذ

اگر کسی کے کندھے میں درد ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں باندھے۔

تعویذ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّا جَعَلْنَا فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِیَ اِلَی الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ. (سورہ یٰس، آیت ۸)

سینہ کے درد کی تعویذ

مٹی پر اس دعاء کو پڑھ کر دم کرے پھر مٹی کو سینہ پر ملے انشاء اللہ درد دور ہوجائے گا۔

تعویذ یہ ہے

متی منها مرجی دومس وا ای لیه والبس قای اصمت و ن دمت ون السامه ون الس بلاعامن.

ریاحی درد کے لئے

اگر کسی آدمی کو ایسا درد ہو جو جگہ جگہ دوڑتا ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر جہاں جہاں درد ہو وہاں پر باندھے انشاءاللہ درد دور ہوجائے گا۔

دعاء یہ ہے

لِکُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ.

پیٹھ کے درد کی تعویذ

پیٹھ کا درد دور کرنے کے لئے اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں باندھے انشاءاللہ درد دور ہو جائے گا۔

تعویذ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَائِبِ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

پیٹ کے درد کی تعویذ

اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو اس دعاء کو برتن میں لکھ کر پلائے انشاءاللہ درد دور ہو جائے گا۔

دعاء یہ ہے: وَنَزَعْنَا مَافِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ.

دیگر

اگر کسی آدمی کے پیٹ میں ایسا درد ہو کہ دور نہ ہوتا ہو تو اس کو چاہئے کہ اس دعاء کا استعمال کرے اس کو پلیٹ میں لکھ کر صبح اور شام پلائے ایک ہفتہ تک پلائے انشاءاللہ درد دور ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے :

۷۸۶

۱۸	۱۱	۱۶
۱۳	۱۵	۱۷
۱۴	۱۹	۱۲،

دیگر

اگر کسی آدمی کے پیٹ میں کوئی ایسی بیماری ہوگئی ہو جسکی وجہ سے پیٹ پھول گیا ہو اور بہت زیادہ تکلیف ہو جس کی وجہ سے انسان پھولتا رہتا ہو یا خوب پھولتا رہتا ہو اور بچنا مشکل ہو گیا ہو (بعض لوگ اس بیماری کو پلپائی بیماری کہتے ہیں) تو اسکو چاہئے کہ اس مریض کا استعمال کیا ہوا کپڑا لے لے پھر اس کپڑے کو پاک صاف کر لے پانی سے، پھر اس کا آٹھ تہہ کرے، ہر تہہ میں ایک ایک تعویذ لکھ کر رکھے پھر تانبے کے برتن میں کوئلہ کا آگ رکھے، پھر مریض کو لٹا کر آٹھ تہہ والا کپڑا مریض کے پیٹ پر رکھے، اس کپڑے کے اوپر کوئلہ والا تانبے کا برتن رکھے یہاں تک کہ کپڑے کا تعویذ جلنے لگے اور سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھکر آگ میں دم کرے سات دن تک کرے پھر تعویذ نکالکر اسی آگ میں جلا دے انشاءاللہ پیٹ کی بیماری دور ہو جائیگی۔

کپڑے میں رکھنے والی تعویذ یہ ہے



فالله خير حافظا وهو أرحم الراحمين ياالله ياالله ياالله

دیگر

ماقبل میں جو بیماری ذکر کی گئی ہے اس بیماری کے لئے (یعنی الیا کی بیماری) اس نقش کولکھ کر گلے میں ڈال دے انشاء اللہ بیماری ٹھیک ہو جائے گی۔

تعویذ یہ ہے

اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَکَھُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِہٖ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا۔ (سورہ فاطر، آیت ۴۱)

دیگر

اسی جیسی بیماری کے لئے سورۂ ممتحنہ لکھ کر پلیٹ میں پلانے سے یہ بیماری ٹھیک ہوجاتی ہے۔

کمر کے درد کی تعویذ

اگر کسی آدمی کے کمر میں درد ہوتو اس تعویذ کولکھ کر کمر میں باندھ دے انشاءاللہ درد صحیح ہوجائے گا۔

تعویذ یہ ہے : ۱۱۱م ططططو ۱۱عہ طنا قطب و ط ط ط

ہر قسم کا درد دور کرنے کا طریقہ

اگر کسی کو کہیں بھی درد ہوتو اس تعویذ کولکھ کر ہاتھ میں باندھے انشاء اللہ درد ہوجائے گا۔

نقش یہ ہے :

۷۸۶

۲۵۶۱	۲۵۶۴	۲۵۶۷	۲۵۵۴
۲۵۶۶	۲۵۵۵	۲۵۶۰	۲۵۶۵
۲۵۵۶	۲۵۶۹	۲۵۶۲	۲۵۵۹
۲۵۶۳	۲۵۵۸	۲۵۵۷	۲۵۶۸

پیشاب جانچنے کا عمل

اگر کسی شخص کو سخت مرض لگ گیا ہو اور ٹھیک نہیں ہوتا ہو اور مرض کی کیا وجہ ہے یہ جاننے کے لئے یہ طریقہ بہت بہترین ہے، مریض کا پیشاب ایک برتن میں رکھ لے، سرسوں کا تیل ایک بوند پیشاب پر گرادے پھر دیکھنا ہے کہ تیل کی حالت کس صورت میں ہوتی ہے اگر تیل ہر طرف پھیل جاتا ہے تو پتا کی بیماری ہے اور اگر تیل ایک ہی جگہ رک جائے گاڑھا ہوکر تو سردی اور نزلہ کی بیماری ہے اور اگر تیل ڈوب جائے پھر اٹھ جائے تو سانی پیارت کی بیماری ہے اور اگر تیل آہستہ آہستہ پورب کی طرف چلا جائے تو وہ مریض جلدی ٹھیک ہوجائے گا اور اگر تیل دکن کی طرف جائے تو وہ بیماری آہستہ آہستہ ٹھیک ہوگی، اگر وہ پچھم کی طرف جائے تو دو چار دن میں ٹھیک ہوجائے گا اور اگر تیل اتر کی طرف جائے تو بھی وہ بیماری ٹھیک ہوجائے گی اور اگر

تیل اتر اور پورب کے کونے کی طرف جائے تو ایک مہینہ میں اس کی موت ہو جائے گی ، پیشاب اگر بہت چھوٹا چھوٹا بوند بن جائے تو آہستہ آہستہ بیماری ٹھیک ہو گی اور اگر تھوڑی تھوڑی دیر میں پیشاب ڈوبتا ہے پھر اوپر آتا ہو تو بار بار علاج کرنے سے انشاءاللہ یہ بیماری ٹھیک ہو جائے گی۔

آدمی یا جانور کا پیشاب بند ہونا

اگر کسی آدمی یا جانور کا پیشاب رک گیا ہو تو اس تعویذ کو چار کاغذ پر لکھ کر دونوں ہاتھ اور پیر میں باندھ دے انشاءاللہ پیشاب جاری ہو جائے گا۔

تعویذ یہ ہے : عیطش عیطوش عیطوش عشت

پیشاب جاری کرنے کی تعویذ

اگر کسی انسان یا جانور کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو اس تعویذ کو دونوں یعنی انسان کے بازو پر باندھے اور جانور کے پیروں میں باندھے انشاء اللہ پیشاب جاری ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے

عطوش عطوش عطوش عطوش

دیگر

اگر کسی انسان یا جانور کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو اس دعاء کو لکھ کر پلائے انشاء اللہ پیشاب جاری ہو جائے گا۔ دعاء یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا.

پتھری نکالنے اور بار بار پیشاب آنا بند کرنے کی تعویذ

جس آدمی کو پیشاب حد سے زیادہ آتا ہو یا سینہ میں درد ہو یا پتھری ہو گیا ہو تو اس دعاء کو پلیٹ پر لکھ کر ایک ہفتہ یا اس سے زیادہ دنوں تک پلائے انشاءاللہ پیشاب کم ہو جائے گا اور پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی۔

تعویذ یہ ہے

ربنا الله الذی فرض السماء تقر اسمک عدد فی السماء والارض کمارحمتک فی السماء فاجعل رحمتک فی الأرض واغفر لنا یا صاحب انت رب المنتظمین فانزل شفاء من شفائک ورحمة من رحمتک.

گلے سے ہڈی یا کانٹا نکالنے کا عمل

اگر کسی کے گلے میں کھاتے وقت گوشت کی ہڈی یا مچھلی کا کانٹا پھنس جائے تو اس دعاء کو پڑھ کر ہاتھ کو گلے پر پھیرے انشاءاللہ نکل جائے گا۔

دعاء یہ ہے

فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ .(سورہ الواقعہ، آیت ۸۳)

بخار دور کرنے کی تعویذ

اگر کسی آدمی کو بخار ہو اور ٹھیک نہ ہوتا ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں ڈالے انشاءاللہ بخار ٹھیک ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے :

۷۸۶

د	ج	ا	۵
۹	ا	۲۴	۱۴
۱۰	۲	۲۱	۱۵
۲۲	۴	۳	۱۹

دیگر

بخار کو اتارنے کیلئے اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالے انشاءاللہ بخار اتر جائے گا۔

نقش یہ ہے :

۷۸۶

۶	۱۰	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

بخار اتارنے کی تعویذ

اگر کسی آدمی کا بخار اتارنا ہو تو اس کو چاہئے کہ اس نقش کو لکھ کر گلے میں باندھ لے انشاءاللہ بخار ختم ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے :

۳۰	۳۳	۳۶	۲۳
۳۵	۲۴	۲۹	۳۴
۲۵	۳۸	۳۱	۲۸
۳۲	۲۷	۲۶	۳۷

دیگر

اگر کسی کو ایسا بخار آتا ہو کہ جس کی وجہ سے بدن کانپنے لگا ہو تو اس کو چاہئے کہ اس نقش کو لکھ کر باندھ لے انشاءاللہ بخار ختم ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے :

یا کبیکح	یا کبیکح	یا کبیکح
یا کبیکح	یا کبیکح	یا کبیکح

ہرقسم کا بخار ٹھیک کرنے کی تعویذ

کسی کو پرانا بخار ہو یا نیا ہو جس کی وجہ سے انسان سوکھنے لگتا ہو، علاج کرنے بعد بھی بخار ٹھیک نہیں ہوتا ہو اور ہرقسم کے بخار کے لئے اور ایسا بھی بخار جس سے انسان مایوس ہو جاتا ہے کہ اب ٹھیک ہونے کی کوئی امید نہیں تو اس کو چاہئے کہ اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں ڈالے انشاء اللہ بخار ٹھیک ہو جائے گا۔

تعویذ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ براء ة من الله العزيز الحكيم الى علا لعلبى تاكل اللحم وتشرب الدم وتهسع العظيم امابعد يالم سلام ان كنت مؤمنة فبحق محمد صلى الله عليه وسلم واذا كنت يهودية فبحق موسى كليم الله عليه السلام وان كنت نصرانية فبحق عيسى عليه السلام ان لا كلت لفلان بن فلان لحما ولاشربت ونا ولا هشمت عظما ونهولى فله الى من اتخذ مع الله الها اخره لا اله الا هو العزيز الحكيم والا فانت برية من الله تعالى والله تعالى برئ منك وحسبنا الله ونعم الوكيل

لاحول ولاقوة الا بالله العلى العظيم وصلى الله على سيدنا محمد صلى الله عليه وآله وسلم امن يجيب المضطر اذا دعاه ويكشف السوء ويجعلكم خلفاء الارض ء اله مع الله قليلا ما تذكرون.

ہرقسم کی الٹی روکنے کی تعویذ

اگر کوئی آدمی کھانا کھاتا ہو اور فوراً الٹی کر دیتا ہو یا کسی خاص بیماری کی وجہ سے الٹی کر دیتا ہو یا کسی خاص بیماری کی وجہ سے الٹی زیادہ ہوتی ہو تو اس نقش کو لکھ کر گلے میں باندھ دے پھر کبھی انشاء اللہ الٹی نہیں ہوگی۔

نقش یہ ہے :

۳۰۶	۳۰۱	۳۰۸
۳۰۷	۳۰۵	۳۰۳
۳۰۲	۳۰۹	۳۰۴

حیضہ اور چیچک کا علاج

حیضہ ایک بھیانک بیماری ہے، اس بیماری کے شروع ہونے سے آدمی کے بچنے کی امید نہیں ہوتی، بڑے بڑے جوان اور طاقتور حضرات بات کرتے کرتے اس دنیا سے چل بستے ہیں، حیضہ چند قسم کے ہیں جو چھوٹی موٹی قسمیں ہیں وہ تو دوا سے ہی ٹھیک ہو جاتے ہیں اور جو بڑے قسم کے ہیں وہ پکڑتے ہی آدمی ختم ہو جاتا ہے اور

یہ حیضہ ہے کیا؟ اس کو سمجھنے کے لئے بہت ساری وضاحت کی ضرورت ہے لیکن جو ہمارے سمجھ میں آیا ہے اس کو قلمبند کر رہا ہوں، یہ کہ جنات کی طرح ایک قوم ہے اس کا جسم اور کپڑا دونوں گندے اور بدبودار ہے یہ قوم جدھر چلتی ہے چھوٹے بڑے اس کے ساتھ ہوتے ہیں، اس کے کندھے پر ایک پوٹلی رہتی ہے، معلوم نہیں اس میں کیا ہوتا ہے؟ اور وہ اپنا اڈہ قبرستان اور شمشان گھاٹ میں گاڑتے ہیں وہ جب وہاں سے چلتے ہیں تو پھر گاؤں، شہر، بستی بستی یہاں تک کہ گھر گھر کے کمروں میں گھس جاتے ہیں، اس کی بدبو جس کو لگ جاتی ہے اس کے اندر اپنی طاقت کو بدبو کے ساتھ گھسا دیتے ہے اور بڑے بڑے طاقتور انسان کو قبرستان تک پہنچا دیتے ہیں، ہاں مگر اس گھر میں یہ بلا نہیں گھس سکتی جس گھر میں اللہ تعالی کا ذکر اور تلاوت کلام پاک ہوتا ہے اسمیں یہ بلا ہرگز نہیں داخل ہوتی۔ واللہ اعلم

حیضہ سے متعلق ایک واقعہ

ایک مرتبہ میں پڑھنے کے زمانے میں عصر کی نماز پڑھ کر سائیکل پر بیٹھ کر جا رہا تھا، راستہ میں ندی کے کنارے ایک شمشان گھاٹ تھا وہاں سے ایک گرم بھاپ اٹھا اور سر، منہ اور جسم میں لگ گیا پھر میرے جسم میں اتنی کمزوری محسوس ہونے لگی، پانچ منٹ کے بعد ایسا لگا گویا کہ بدن سے ساری طاقت ہی ختم ہوگئی تو میں سائیکل کو گھما لیا پھر وہیں پر ایک دوست کا گھر تھا میں وہیں اس کے گھر کی طرف جانے لگا، میں دوست کے گھر پہنچنے والا ہی تھا کہ میرے دونوں آنکھ میں اتنی تکلیف

ہوئی کہ کچھ دکھائی نہیں دے رہا تھا تو میں نے کچھ دعاء پڑھ کر آنکھ میں پھونکا تو پھر فوراً ٹھیک ہوگیا تو میں نے سوچا کہ کوئی جن ہمارے اوپر حملہ کر دیا تھا یہ سمجھ کر مدرسہ واپس آنے لگا، مدرسہ قریب آدھا میل تھا تو میرے جسم سے پوری طاقت سلب ہوگئی، اس حالت میں مجھ سے سائیکل بھی ٹھیک سے نہیں پکڑا جا رہا تھا، بے ہوشی طاری ہوگئی اسی حالت میں کسی بھی صورت میں مدرسہ پہنچنا تھا، جب مدرسہ پہنچا تو میری حالت متغیر ہوگئی اور اس حالت میں نہ تو میں کسی سے کچھ بتا سکا اور نہ ہی اشارہ سے کام لیا، میں دل میں سوچ لیا کہ اب میں بچ نہیں سکتا اس لئے میں بڑی مشکل سے آخری وضو سمجھ کر کر لیا اور دل ہی دل میں اللہ تعالی کا ذکر کرنے لگا پھر ذکر کرتے کرتے مسجد میں چپ چاپ سو گیا، کسی سے کوئی بات نہیں کر سکا، لوگ نماز مغرب اور عشاء پڑھ کر چلے گئے تھے مجھے احساس ہی نہیں ہوا، جب میں تقریباً ۱۱ ربجے رات بیدار ہوا تو میرے دل میں اللہ تعالی کا ذکر جاری تھا ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ سر سے سنسناتا ہوا پیر سے نکل کر کچھ چلا گیا میں بالکل ست ہوگیا اور جب صبح ہوئی تو میں نے سنا کہ مدرسہ کے بالکل قریب پڑوس میں ایک آدمی کا مکان تھا اس کو حیضہ کی بیماری لگ گئی تو میں نے اپنے استاذ مکرم سے خاموشی کے ساتھ اس واقعہ کو بتایا کہ یہ میرے ساتھ تو نہیں آگیا تھا تو حضرت نے کہا کہ اس بات کو کسی سے ذکر نہ کرنا اور ہمارے حضرت بہت بڑے بزرگ اور صاحب نسبت تھے، پتہ نہیں کیا وہ آدمی بھی ٹھیک ہوگیا اور اس سال سے حیضہ بھی نہیں آیا، اس سے مجھے معلوم ہوا کہ ذکر کرنے والے کو حیضہ نہیں پکڑتا، باقی ساری چیزیں اللہ تعالی کے اختیار میں ہیں، جس کو چاہے یہ بیماری دے کر شفاء

دیدے اور جس کو چاہے اس بیماری سے حفاظت فرمادے، اللہ تعالی ہم میں سے ہر ایک کو اس خطرناک مرض سے حفاظت فرمادے؛ اگر کسی کو یہ مرض لاحق ہوگیا تو اس کے لئے چند نسخے میں لکھتا ہوں۔

حیضہ کی بیماری سے بچنے کی تعویذ

اس تعویذ کولکھ کر گلے میں باندھے انشاء اللہ حیضہ کی بیماری ٹھیک ہوجائیگی۔

تعویذ یہ ہے

لی خمسة اطفی بها حر الوباء الحاطمة المصطفی والمرتضی وابناهما والفاطمة هو العصی الالبوشناء الله عن کل شئ.

دیگر

حیضہ کی بیماری سے محفوظ رہنے کے لئے اس نقش کولکھ کر گلے میں ڈالے انشاء اللہ حیضہ کی بیماری سے محفوظ رہے گا۔

نقش یہ ہے :

سلام	قولا	من رب	الرحيم
۱۳۱	۱۴۴	۱۴۱	۱۳۸
۱۴۲	۱۳۷	۱۳۲	۱۴۳
۱۳۶	۱۳۹	۱۴۶	۱۳۳
۱۴۵	۱۳۴	۱۳۵	۱۴۰

دیگر

حیضہ سے بچنے کے لئے اس درود پاک کو برابر پڑھتا رہے انشاء اللہ حیضہ سے محفوظ رہے گا۔

درود پاک: **اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ عَلٰی دَاءٍ وَدَوَاءٍ بِعَدَدِ كُلِّ شِفَاءٍ.**

دیگر

حیضہ سے بچنے کے لئے اس تعویذ کو گلے میں ڈالے۔

تعویذ یہ ہے :

كهيعص	يابدوح	حمعسق
ياحفيظ	ياحفيظ	ياحفيظ
يالطيف	ياحفيظ	ياحفيظ
ياحفيظ	يالطيف	ياحفيظ
غازندا ازر	يابدوح	ياالهي
يانا لانا و د	سلام قولا من رب الرحيم	بحرمة نبی

حیضہ کی بیماری سے نجات

حیضہ کی بیماری سے بچنے کے لئے اس آیت شریفہ کو برابر، کثرت سے چلتے پھرتے پڑھتا رہے انشاء اللہ حیضہ دور ہوجائے گا۔

آیت یہ ہے : **سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبِّ الرَّحِيْمِ.**

دیگر

اس دعاء کو تین مرتبہ روزانہ پڑھ کر تالی بجائے انشاء اللہ حیضہ کی بیماری دور ہوجائے گی۔ دعاء یہ ہے

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَاخَلَقَ، بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَايَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ.

چیچک اور حیضہ بند کرنے کا طریقہ

جب کوئی آدمی چیچک کی بیماری میں مبتلا ہوجائے، موتی جھالہ کی بیماری میں مبتلا ہوجائے یا کسی کو شک ہو کہ مجھ کو یہ بیماری ہوجائیگی تو اس کو چاہئے کہ اس دعاء کو لکھ کر گلے میں باندھ دے اور جس کو بیماری ہوگئی ہو تو وہ اس دعاء کو لکھ کر دھو کر پیئے۔

دعاء یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَاتَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَاتُشْرِكُوْنَ. (سورہ الانعام، آیت ۴۱)

حیضہ اور چیچک وغیرہ سے محفوظ رہنے کا طریقہ

جہاں چیچک کی بیماری پھیلنا شروع ہوجائے تو اس نقش کو جو بھی لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اس کو چیچک نہیں ہوگا۔

نقش یہ ہے:

سلی	سکی	والقدرعة
السر	السر	هارس
القدس	القدس	القدس

حیضہ سے محفوظ رہنے کا طریقہ

جن لوگوں کو حیضہ ہوجانے کا شک ہو ان کو چاہئے کہ اس نقش کو لکھ کر گلے میں باندھ لے انشاء اللہ ان کو حیضہ نہیں ہوگا اور اس دعاء کا ہمیشہ ورد رکھے۔

دعاء یہ ہے: سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِيْمِ.

۷۸۶

نقش یہ ہے:

یاغیب	یادافع	یامقتدر
یاخلاق	یادافع	یاعلیه

مرگی کی بیماری ٹھیک کرنے کا عمل

مرگی ایک خطرناک بیماری ہے، اس بیماری کا علاج کرنے میں ڈاکٹر وحکیم اکثر عاجز ہوجاتے ہیں، دنیا کے ہر خطہ میں یہ بیماری پائی جاتی ہے مگر اس کا علاج ٹھیک سے نہیں ہو پاتا بلکہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دنیا میں اس کا صحیح علاج ہی نہیں ہے، بہت سی جگہ پر دیکھا گیا ہے کہ اس بیماری کو جلدی کوئی سمجھ ہی نہیں پاتا، بعض وقت یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ بچوں کو اچانک بخار آجاتا ہے، کپکپی آجاتی ہے، دانت بجنے لگتے

ہیں اور ہاتھ پیر ہلکے ہلکے سکڑ نے لگتے ہیں تو ڈاکٹر سردی کا بخار سمجھ کر بخار کا علاج کرنا شروع کر دیتے ہیں حالانکہ یہ بخار نہیں بلکہ مرگی کی علامت ہے اس کے علاوہ اور بہت سی علامتیں ہیں وہ تو سبھی کو معلوم ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ خطرناک جنات بھی پکڑ کر مرگی کی حالت پیدا کر دیتے ہیں، مرگی کی علامت یہ ہے کہ دل گھبرائے، سانس کی کمی ہوگی، سینہ میں عجیب وغریب چیز محسوس ہوگی اور سر کے بیچ میں درد ہوگا، ہاتھ پیر سکڑ نے لگیں گے اور منہ سے تھوک آئے گا، بے ہوشی طاری ہوگی، اچانک کبھی کبھی گر پڑے گا اس کا علاج فقیر، درویش، پیر ومرشد کر دیتا ہے اور انہیں سے ٹھیک بھی ہو جاتا ہے، اس بیماری کو ٹھیک کرنے کے لئے ان بزرگان دین نے بتایا کہ مندرجہ ذیل دعاء سات دن تک ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھ کر مریض کو پھونکے اور پانی میں بھی پھونک کر مریض کو پلائے اور دعاء کے بعد ایک نقش ہے اس نقش کو سفید دیسی مرغا کے خون سے لکھ کر گلے میں باندھے انشاء اللہ مرگی کی بیماری دور ہو جائے گی۔

دعاء یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ أَعُوْذُ بِالْوَاحِدِ الصَّادِقِ مِنْ بَلِيَّةٍ بِسْمِ اللّٰهِ الشَّافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الْكَافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الْمُعَافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَايَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيْكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ أَوْ عَيْنِ حَاسِدٍ اللّٰهُ يَشْفِيْكَ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْءَانِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا.

پہننے والا نقش یہ ہے :

۷۸۶

۴ ۵ ۱۵ •• • •••	۴ ۵ ۱۰ •	۴ ۵ ۱۷ •• •• •• ••
۳ ۵ ۱۶ ••• •• ••	۴ ۵ ۱۴ •• •••	۴۵۱۲ •••
۴ ۵ ۱۱ ••	۴ ۵ ۱۸ ••• •••••••	۴ ۵ ۱۳ •• ••

دیگر

جس کو مرگی کی بیماری ہو تو اس درود کو روزانہ پڑھ کر مریض پر دم کرے انشاء اللہ مرگی کی بیماری ٹھیک ہو جائے گی۔

درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

دیگر

اس تعویذ کو مرگی والے مریض کے پیشانی پر باندھے۔

تعویذ یہ ہے :

کٓھٰیٰعٓصٓ بحق
حو حو حو حو حو حو عشق
بحق ایاک نعبد و ایاک نستعین

دیگر

اس تعویذ کو لکھ کر مرگی والے مریض کے بازو پر باندھے انشاء اللہ مرگی کی بیماری دور ہو جائے گی۔

تعویذ یہ ہے :

۷۸۶

حلولو	لھو حوس	د ذو صد مه
صلوس	وسطوس	بھوس
دل یادھا	وحلود	نال س
بووس	سلوس	والید
ھنا حلو لعو	عرب	س د ہ د ر مــہ

دیگر

اگر کسی کو مرگی کی بیماری ہو تو ان دونوں تعویذ کو کالے کبوتر کے خون سے لکھ کر گلے میں باندھے انشاء اللہ مرگی کی بیماری دور ہو جائے گی۔

تعویذ (۱)

۷۸۶

۵۳۷	۵۵۰	۵۴۷	۵۴۴
۵۴۸	۵۴۳	۵۳۸	۵۴۹
۵۴۲	۵۴۵	۵۵۲	۵۳۹
۵۵۱	۵۴۰	۵۴۱	۵۴۶

تعویذ (۲)

۷۸۶

۱۱۷۳	۱۱۸۶	۱۱۸۳	۱۱۸۰
۱۱۸۴	۱۱۷۹	۱۱۷۴	۱۱۸۵
۱۱۷۸	۱۱۸۱	۱۱۸۸	۱۱۷۵
۱۱۸۷	۱۱۷۶	۱۱۷۷	۱۱۸۲

مرگی والے مریض کو ٹھیک کرنے کیلئے پلانے والی تعویذ

اگر کسی کو مرگی کی بیماری ہے تو اس تعویذ کو لکھ کر ۴۰ر دن تک صبح اور شام پلائے۔

نقش یہ ہے :

۷۸۶

۲۳۶۸۹۴	۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۹۰۲
۲۳۶۹۰۶	۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۹۰۷
۲۳۶۹۰۰	۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۸۹۶
۲۳۶۹۰۹	۲۳۶۹۷	۲۳۶۸۹۹	۲۳۶۹۰۴

دیگر

اگر مرگی والے کا ہر طرح سے علاج کرتے کرتے تھک گیا مگر مرگی کی بیماری ٹھیک نہیں ہوئی تو نیولا کو پکڑ کر ذبح کر کے اس کا گوشت پکا کر کھلا دے انشاءاللہ مرگی کی بیماری ٹھیک ہو جائے گی۔

پاگل کو صحیح کرنے کا طریقہ

اگر کوئی مرد یا عورت پاگل ہو جائے تو اس طریقے سے علاج کرے اور سات مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے پھر سورۂ بقرہ کی ابتدائی چار آیتیں سات مرتبہ پڑھے پھر یہ آیت الھکم الہ و احد پوری تین مرتبہ پڑھے پھر آیۃ الکرسی سات مرتبہ پڑھے پھر سورۂ اعراف ایک مرتبہ پڑھے پھر سورۂ حشر کی آخری تین آیتیں تین مرتبہ پڑھے پھر چاروں قل تین تین مرتبہ پڑھے یہ سب پڑھ کر تیل اور پانی میں دم کرے اور پاگل کے اوپر سات مرتبہ پھونک مارے پھر تیل سے پاگل کے پورے جسم کی مالش کرے روزانہ اور دم کیا ہوا پانی روزانہ پلاتا رہے انشاءاللہ پاگل صحیح ہو جائے گا۔

دوسرا طریقہ

عامل کو چاہئے کہ اس نقش کو پاگل کے گلے میں باندھ دے اور اسی نقش کو دھو کر روزانہ پلائے انشاءاللہ کچھ دنوں کے بعد صحیح ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے :

۲۳۴۲۶	۲۳۴۲۹	۲۳۴۳۲	۲۳۴۱۹
۲۳۴۳۱	۲۳۴۲۰	۲۳۴۲۵	۲۳۴۳۰
۲۳۴۲۱	۲۳۴۳۴	۲۳۴۲۷	۲۳۴۲۴
۲۳۴۲۸	۲۳۴۲۳	۲۳۴۲۲	۲۳۴۳۳

دیگر

اور یہ نقش بھی پاگل کے لئے اکسیر ہے۔

نقش یہ ہے :

۷۸۶

۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۸۹۴
۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۹۰۶
۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۰۰
۲۳۶۹۰۴	۲۳۶۸۹۹	۲۳۶۸۹۷	۲۳۶۹۰۹

حیض جاری کرنے کا طریقہ

اگر کسی عورت کا حیض بند ہو گیا ہو اور کافی علاج کے باوجود بھی نہ جاری ہو تو اس نقش کو لکھ کر عورت کے کمر یا بازو میں باندھ دے انشاءاللہ حیض جاری ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے :

۹۲	۹۵	۹۸	۸۵
۹۷	۸۶	۹۱	۹۶
۸۷	۱۰۰	۹۳	۹۰
۹۴	۸۹	۸۸	۹۹

دیگر

اگر کسی عورت کا حیض بند ہوگیا ہو جس کی وجہ سے کافی پریشانی ہو اور علاج وغیرہ سے بھی نہ جاری ہوا ہو تو اس نقش کو عورت کے گلے میں باندھ دے انشاءاللہ فوراً حیض جاری ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے :

ک	حی	۸لا	۲لا	۹	۸لا
ح	ر	ن	ی	۱۲اس	س

حیض بند کرنے کا طریقہ

جس عورت کا خون ہمیشہ جاری رہتا ہو اور بند نہ ہوتا ہو تو اس آیت کو لکھ کر عورت کو دھو کر پلائے انشاءاللہ حیض بند ہو جائے گا۔

آیت یہ ہے : بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ أَفَإِن مَّاتَ أَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰىٓ أَعْقَابِكُمْ وَمَن يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَن يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْئًا وَسَيَجْزِى اللّٰهُ الشَّاكِرِيْنَ. (سورہ آل عمران، آیت ۱۴۴)

دیگر

جس عورت کا حیض ہمیشہ جاری رہتا ہو اور کسی طرح بھی بند نہیں ہوتا خواہ حیض کا خون ہو یا نفاس کا یا لیکوریا ہو یا سفید پانی جاری رہتا ہو غرض ان تمام صورتوں میں اس نقش کو ہرن کے چمڑے میں زعفران سے لکھ کر عورت کے کمر میں باندھ دے انشاءاللہ فوراً خون بند ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے :

۲۰۷	۲۰۲	۲۰۹
۲۰۸	۲۰۶	۲۰۴
۲۰۳	یاقابض	۲۰۵

حمل کے خلاصی کی تعویذ

اگر کسی عورت کو پیدائش کے وقت تکلیف زیادہ ہو اور کافی ٹائم کے باوجود بھی حمل خلاص نہ ہوا تو اس کو چاہئے کہ اس آیت کو تین مرتبہ پانی پر پڑھ کر دم کرکے پلائے یا گوڑ پر دم کرکے کھلائے انشاءاللہ حمل فوراً خلاص ہو جائے گا، حمل خلاص ہونے کے بعد تعویذ کو فوراً کھول دے اور پانی میں ڈال دے۔

آیت یہ ہے

وَأَلْقَتْ مَافِيْهَا وَتَخَلَّتْ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ. (سورہ الانشقاق، آیت ۴-۵) اھیاً واشراھیاً.

فوراً حمل خلاص ہونے کی تعویذ

جس عورت کو بچہ پیدا ہونے کے وقت بہت تکلیف ہو اور حمل خلاص ہی نہ ہوتا ہو، ڈاکٹر اور عامل سب عاجز ہو گئے ہوں یہاں تک کہ عورت کے بچنے کی کوئی امید ہی نہ ہو تو ایسے وقت میں اس تعویذ کو لکھ کر عورت کی بائیں ران میں باندھ دے فوراً حمل خلاص ہو جائے گا، حمل خلاص ہونے کے بعد تعویذ کو فوراً کھول دے اور پانی میں ڈال دے اور اگر تعویذ کھولنے میں دیری ہوئی تو عورت کی آنت وغیرہ باہر آ جائیں گے، اس واسطے اس تعویذ کو بہت ہوشیاری سے باندھنا چاہئے ورنہ بہت خطرہ رہتا ہے۔

نقش یہ ہے :

۷۸۶

۵۰	۵۰	۵۰	۵۰	۵۰	۵۰
۵۰	۳۲	۱۸	۸	۱	۵۰
۵۰	۶	۳	۲۱	۲۰	۵۰
۵۰	۱۷	۲۴	۲	۲۷	۵۰
۵۰	۴	۵	۱۹	۱۲	۵۰
۵۰	۵۰	۵۰	۵۰	۵۰	۵۰

مردہ حمل خلاص کرنے کی تعویذ

اگر کسی عورت کے پیٹ میں کوئی بچہ مر گیا ہو اور حمل خلاص نہ ہوتا ہو تو اس تعویذ کو اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائے انشاء اللہ حمل خلاص ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے :

۷۸۶

لا	ق	ی	ت
م	ت	ت	ی
د	ی	ت	ی
وم	ت	ی	ت

حمل خلاص کرنے کا عمل

کسی عورت کو بچہ پیدا ہونے میں بہت پریشانی ہوتی ہو، بچہ آسانی سے پیدا نہ ہو تو اس دعاء کو لکھ کر دھو کر پلا دے انشاء اللہ حمل خلاص ہو جائے گا۔

دعاء یہ ہے

اَللّٰھُمَّ اشْفِنَا مِنَ الْبَلَاءِ وَالْوَبَاءِ وَاَحِبْ لَنَا الَّذِیْنَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ خَالِصًا مُخْلِصًا.

حمل محفوظ رہنے کی تعویذ

جس عورت کا حمل چار یا پانچ مہینے کے بعد ساقط ہو جاتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر عورت کی کمر میں باندھ دے انشاءاللہ حمل ساقط نہیں ہوگا۔

نقش یہ ہے :

۷۸۶

۲۷	۳۰	۳۳	۲۰
۳۲	۲۱	۲۶	۳۱
۲۲	۳۵	۲۸	۲۵
۲۹	۲۴	۲۳	۳۴

دیگر

جس عورت کا حمل گر جاتا ہو یا بچہ پیدا ہونے کے بعد مر جاتا ہو اس سے محفوظ رہنے کے واسطے یہ علاج بہت مفید ہے بہر کیف جب کوئی اس مرض میں مبتلا ہو تو اس کو چاہئے کہ جب عورت کے شکم میں حمل قرار ہو جائے تو اس علاج کو شروع کرے ایک پاؤ اجوائن لے لے، ڈیڑھ سو گرام کالی مرچ لے لے، پھر دوشنبہ کے دن زوال کے وقت سورہ والشمس ۴۱ر مرتبہ پڑھ کر اجوائن اور کالی مرچ پر دم کرے، اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ لے پھر دم کی ہوئی اجوائن اور کالی مرچ کو عورت سوتے وقت تھوڑی تھوڑی کر کے کھالے یہ کھانے کے بعد پانی نہ پئے۔

حمل ساقط ہونے کا بیان

جس عورت کا حمل بار بار گر جاتا ہے ایک مہینہ سے لے کر چھ مہینہ تک تو اس کے لئے ضروری ہے کہ اس تدبیر کو کرے بچہ کبھی ساقط نہیں ہوگا اور اس تدبیر سے مدت پوری بھی ختم ہو کر حمل قرار پاتا ہے۔

عمل یہ ہے کہ پانچ کشمی پھل (کرانے کی دوکان میں ملے گا) اس پھل کو پانی میں بھگا دے، جب پھل نرم ہو جائے تو دھاگہ میں رگڑ کر رنگین بنالے اور پھر اس دھاگہ کو دھوپ میں سوکھائے پھر پیر سے لے کر سر تک اس دھاگہ کو گیارہ دھاگہ ناپ کر ملالے پھر مندرجہ ذیل دعاء پڑھ کر نو گرہ دے کر اس کو کمر میں باندھ دے انشاء اللہ اس کا حمل محفوظ رہے گا۔

دعاء یہ ہے

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِىْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ (سورہ النحل، آیت ۱۲۷۔۱۲۸)

دیگر

جس عورت کا حمل گر جاتا ہو یا اس کو خطرہ محسوس ہو کہ اس کا حمل گر جائے گا تو اس آیت شریفہ کو لکھ کر کمر میں باندھے پھر بچہ پیدا ہونے کے بعد بچے کے گلے میں ڈال دے تو بچہ بھی محفوظ رہے گا۔

آیت یہ ہے

فنفخنا فیها من رُّوحنا وجعلنٰها وابنهآ اٰیةً لِّلعٰلمین ان هٰذه اُمّتکم اُمّةً وّاحدةً وّانا ربّکم فاعبدون وتقطّعوا امرهم بینهم کلٌّ الینا راجعون. (سورہ الانبیاء، آیت ۹۳)

بچہ جیتے رہنے کی تعویذ

جس عورت کے بچے پیدا ہونے کے بعد مر جاتے ہوں اور کافی کوشش کے باوجود بھی بچہ جیتا نہ ہو جس کی وجہ سے پریشان ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر چاندی کے کھول میں بند کر کے ہمیشہ گلے میں باندھے رکھے اور بچہ پیدا ہونے کے بعد دوسرا تعویذ لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈال دے انشاءاللہ بچہ حفاظت میں رہے گا۔

نقش یہ ہے :

۷۸۶

۳۴	۳۷	۴۰	۲۷
۳۹	۲۸	۳۳	۳۸
۲۹	۴۲	۳۵	۳۲
۳۶	۳۱	۳۰	۴۱

بانجھ عورت کے بیان میں

اگر کوئی عورت بانجھ ہو جائے اور اس عورت کو بچے نہ ہوتے ہوں تو اس عورت کا سب سے زیادہ افسوس اسی کا ہوتا ہے اور بچہ نہ ہونے پر عورت کی کوئی اہمیت نہیں رہتی اس لئے کہ اس کے گھر کے لوگ اس کو حقیر نظر سے دیکھتے ہیں اور اگر مرد بانجھ ہو گیا ہو تو اس کی کوئی شکایت نہیں ہوتی ہے، بعض گھروں میں یہ دیکھا گیا ہے کہ اس عورت کو گھر سے بے گھر کر دیا گیا اور بعض شوہر تو دوسری شادی بھی کر لی اور پہلی بیوی کو نوکرانی کی طرح استعمال کرنے لگا، عامل کو چاہئے کہ اس قسم کے مریض کو بہت دھیان سے دیکھے ورنہ خطرہ ہے یعنی وہ بانجھ عورت مجبور ہو کر کے سادھو، پنڈت اور مکار بابا کے پاس جاتی ہے کبھی صرف عورت جاتی ہے اور کبھی میاں بیوی دونوں جاتے ہیں، شروع شروع میں کوئی کھانے پینے کی چیز دیدیتے ہیں اس کے ساتھ ساتھ اپنی محبت کی جال میں پھنسا لیتے ہیں اور اس کے ساتھ محبت کرنے والا عمل بھی ملا دیتے ہیں پھر اس سے چھوٹی چھوٹی خدمت لیتے ہیں اس کے بعد ہاتھ پیر دبا لیتے ہیں یہاں تک کہ نیچے سے اوپر تک دبوا لیتے ہیں اور پھر یہ دیکھتے ہیں کہ اب یہ میری بات ماننے والی ہے تو اس کو یہ سمجھاتا ہے تو ایک بچہ لے لے تیرا گھر بس جائے گا، بچہ نہ ہونے پر گھر سے نکال دیا جائے گا یا بے عزتی کی جائے گی یا حقیر نگاہ سے دیکھی جائے گی اور ایک بچہ ہو جانے پر تیرا بچہ اس گھر کا مالک ہو جائے گا اور تو بھی آرام سے رہ سکتی ہے بس تو بچہ لے لے یہ سمجھا بجھا کر اس سے زنا کرتا ہے اور پھر ولد الزنا ہو جاتا ہے اور کبھی ایسی بھی شکایت آئی کہ عورت پریشان ہو کر عامل یا حکیم یا اور کوئی

علاج کرنے والے کے پاس آتی ہے اور صاف کہتی ہے کہ علاج نہیں بچہ چاہئے وہ اس سے زنا کرلیتا ہے، اگر اس بات پر کسی کو اعتراض ہو اور ہماری اس بات پر یقین نہ ہو تو اس بچہ کا خون چیک کرالے، ایک دو مرتبہ چھوڑ کر ٹیسٹ کرائے اکثر خون نہیں ملے گا شاید آپ کے بھی سمجھ میں یہ بات آجائے گی کہ حقیقت کیا ہے؟ اس لئے میں عاملوں کو بیدار کرانا چاہتا ہوں کہ کبھی آپ بھی اس چکر میں نہ پڑے ورنہ عملیات اور ایمان دونوں چلے جائیں گے، لہذا میں بچہ پیدا ہونے کی چند صورتیں لکھ رہا ہوں، اللہ کو حاضر و ناظر سمجھ کر اس عمل کو کرے اس کے علاوہ بھی اور بہت سی کتابوں میں بچہ ہونے کی تدبیریں لکھی گئی ہیں اور جڑی بوٹی کی کتابوں میں لکھا گیا ہے جس کو ضرورت پڑے اس کا استعمال کرنے کی کوشش کرے اللہ اسی سے کوئی اولاد عنایت فرمادے تو ٹھیک ہے اور اللہ نہ دے تو بھی صبر کرے مگر پاپ کا کام نہ کریں، اللہ ہم سب کی ان تمام بُرے کاموں سے حفاظت فرمائے آمین **اللھم احفظنا منه.**

بانجھ عورت کے لئے عمل

جو عورت بانجھ ہو اس کو بچہ نہیں ہوتا ہو تو اس کو چاہئے کہ اس دعاء کو ماہواری سے پاک ہونے کے بعد ایک کاغذ پر لکھے اور ایک پلیٹ پر لکھے، کاغذ والا تعویذ بازو پر باندھے اور پلیٹ میں تین دن تک لکھ کر پئے انشاء اللہ بچہ ہوگا۔

آیت یہ ہے: **رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا،** (سورہ الفرقان، آیت ۷۴) **رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ.** (سورہ الصٰفٰت، آیت ۱۰۰)

دیگر

اگر عورت بانجھ ہو، بچہ نہ ہوتا ہو تو عورت کو چاہئے کہ اس دعاء کو پڑھ کر اللہ سے رو رو کر دعاء کرے انشاء اللہ بچہ پیدا ہوگا۔

دعاء یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَاذَاالْعَرْشِ الْكَرِيْمِ وَالْمَلِكِ الْقَدِيْمِ يَارَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ يَاسَتَّارُ يَاغَفَّارُ يَاوَاحِدُ يَاصَمَدُ صَلَّى اللّٰهُ تعالى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ.

دیگر

جو عورت بانجھ ہو، حمل ٹھہرتا ہی نہ ہو تو حیض سے فارغ ہونے کے بعد ۴۰ لونگ لے کر ہر لونگ پر ایک ایک بار اس آیت کو پڑھ کر دم کرے پھر سوتے وقت ایک لونگ چبا کر کھالے اور سو جائے پانی نہ پئے انشاء اللہ حمل قرار پا جائے گا۔

آیت یہ ہے

أَوْ كَظُلُمَاتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشَاهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَا أَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَالَهٗ مِنْ نُّوْرٍ. (سورہ النور، آیت ۴۰)

جوعورت اولاد سے محروم ہو اس کو اولاد ہونے کی تعویذ

اگر کوئی عورت ایسی ہو کہ جس کے حمل قرار نہ پاتا ہو تو اس کو چاہئے کہ اس دعا کو ہرن کے چمڑے پر مشک و گلاب سے لکھے پھر اس کو گلے میں باندھ دے انشاء اللہ حمل ٹھہر جائے گا اور اولاد پیدا ہوگی۔

دعا یہ ہے

وَلَوْ أَنَّ قُرْءٰانًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ أَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْأَرْضُ أَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَل لِّلّٰهِ الْأَمْرُ جَمِيْعًا. (سورہ الرعد، آیت ۳۱)

دیگر

جوعورت بانجھ ہو اس آیت کو فیروزہ پتھر کے اوپر لکھ کر انگوٹھی بنا کر پہنے انشاء اللہ اولاد پیدا ہوگی، لیکن جس کے اولاد کا سلسلہ اللہ نے ہی بند کر دیا ہو تو اس کے لئے کوئی تعویذ نہیں ہے لیکن اگر اللہ تعالی کو منظور ہوگا تو اس طریقے سے علاج کرنے سے اولاد ضرور پیدا ہو جائے گی۔

آیت یہ ہے

رَبِّ لَاتَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّأَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ. (سورہ الانبیاء، آیت ۸۹)

اگر عورت مرد دونوں بانجھ ہوں تو اس کا طریقہ

اگر عورت اور مرد دنوں بانجھ ہوں تو وہ اگر اس طریقہ سے علاج کریں تو خدا کی ذات سے قوی امید ہے کہ ان کی اولاد پیدا ہوگی؛ طریقہ یہ ہے کہ عورت جب حیض سے پاک ہو جائے تو اس وقت اس آیت کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر آدھی رات کے بعد عورت اور مرد دونوں آدھا آدھا پی لیں اس کے بعد ہمبستری کریں انشاء اللہ حمل ٹھہر جائے گا۔

آیت یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآئَلُوْنَ بِهٖ وَالْأَرْحَامَ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا. (سورہ النساء، آیت ۱)

دیگر

جوعورت اور مرد دونوں بانجھ ہوں تو اس نقش کو کپڑے کے اوپر لکھے پھر جب عورت حیض سے فارغ ہو جائے تو غسل کرنے کے بعد اس لکھے ہوئے کپڑے کو کمر میں باندھ لے انشاء اللہ بانجھ پن دور ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے

علی علی علی علی له له له همه همه همه همه همه لیس لیس لیس لیس لیس لیس لیس اهیاً اشراهیاً یاالله یاالله یا قدوس یاقدوس له' له' له' له' له' له' له'.

دیگر

عورت اگر کسی وجہ سے بانجھ ہوگئی ہوتو اس نقش کولکھ کر چاندی کے کھول میں رکھےاور جب حیض سے پاک ہوتو اس کھول کوعورت اپنی کمر میں باندھ لے۔

نقش یہ ہے :

طاط	طء	ولا	سرلا	ط
لالا	ضیی	بماهم	منهم	لا

دودھ زیادہ ہونے کا عمل

اگر کسی عورت یا جانور کا دودھ کم ہوجائے، بچہ پریشان رہے دودھ کے لئے تو اس دعاء کولکھ کر گلے میں باندھ دے انشاء اللہ دودھ زیادہ ہوجائے گا یا پھر پلیٹ میں لکھ کر دھو کر پلا دے، اس سے بھی دودھ زیادہ ہوجائے گا۔

آیت یہ ہے

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُکُم مِّنْ بَعْدِ ذٰلِکَ. . آخر تک ۔(سورہ بقرہ، آیت ۷۴)

دودھ زیادہ ہونے کی تعویذ

اگر عورت یا جانور کا دودھ کم ہوگیا ہوتو اس نقش کولکھ کر گلے میں ڈالدے انشاء اللہ دودھ زیادہ ہوجائے گا۔

نقش یہ ہے :

م	ن	ی	ت
م	ت	ت	ی
م	ی	ت	ی
دم	ت	ی	ت

دیگر

اگر کسی عورت یا جانور کا دودھ سوکھ گیا ہو یا سوکھنے کا خطرہ ہوتو اس نقش کو گلے میں ڈالدے انشاء اللہ دودھ بھر جائے گا۔

نقش یہ ہے :

۷۸۶

۷	۲	۳۵	۲۸
۳۱	۳۳	۲	۶
۱	۸	۲۹	۲۴
۳۲	۳۰	۵	۴

عورت یا جانور کے دودھ کو کم کرنا

اگر کسی عورت یا جانور کا دودھ بہت زیادہ ہواور اس کو کم کرنا چاہے تو سورۂ یٰسٓ کولکھ کر دھو کر پلائے تو دودھ کم ہوجائے گا یا پڑھ کر پانی پر دم کر کے بھی پلانے سے بھی دودھ کم ہوجاتا ہے۔

شوہر کی شہوت سے عاجز ہو

اگر کوئی عورت شوہر کی شہوت سے پریشان ہو، شوہر چھوڑتا نہ ہو تو اس کو چاہئے کہ اس نقش کو بائیں بازو میں باندھ لے تو شوہر سے مغلوب نہ ہوگی۔

نقش یہ ہے

کھیعص بحق حم عسق بحق سلیمان بن داؤدؑ فلان بن فلان ا ب متی اب متی فلانیة کن فلانة.

عورت کے انزال کی بیماری کو روکنا

جس عورت کو انزال جلدی ہوجاتا ہے تو اس کو چاہئے کہ اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالے کہ تعویذ سینہ پر لٹکی رہے انشاء اللہ انزال جلدی نہیں ہوگا۔

تعویذ یہ ہے :

بحق	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یاعظیم	یاعظیم	یاعظیم	
یاغفور	یاغفور	یاغفور	

دیگر

جس آدمی کو انزال جلدی ہوجاتا ہو جس کی وجہ سے وہ بہت پریشان ہو، علاج سے بھی بیماری ختم نہیں ہوتی تو اس تعویذ کو لکھ کر تانبے کی تعویذ میں بند کر کے کمر میں باندھے انشاء اللہ یہ بیماری دور ہوجائے گی۔

تعویذ یہ ہے :

۷۸۶

لا	ع ح	و ح ع	ز
م	و	ی	و ر
ح ح	ص	و	ہ
س	ح	و	و

دیگر

انزال کی بیماری دور کرنے کے لئے اس تعویذ کو لکھ کر تانبے کی تعویذ میں بند کر کے کمر میں باندھے انشاء اللہ انزال کی بیماری دور ہوجائے گی۔

تعویذ یہ ہے :

۷۸۶

ص	ن	ن	و
ص	د	د	ص
ع	ی	و	س
ع	ہ	ن	م

دیر میں انزال ہونے کی تعویذ

اگر بیوی کو چھوتے ہی انزال ہوجاتا ہو اور وطی پر قدرت نہیں رہتی تو اس تعویذ کو بائیں ران میں باندھ کر وطی کرے انشاء اللہ انزال دیر میں ہوگا۔

نقش یہ ہے :

۱ ۱ ۱ ۱ ۱ ۱ ۲ ۸ ۸ ۹ ۹ ۳ ۸ ۱ ۱ ۵ ۱ ع ۱ س و

دیگر

اگر کوئی مذکورہ بیماری میں مبتلا ہو تو اس کو چاہئے کہ اس نقش کو اپنی داڑھ میں دبا کر بیوی سے جماع کرے انشاء اللہ انزال دیر میں ہوگا۔

نقش یہ ہے:

طسھا	طسھا	طسھا
طسھا	طسھا	طسھا
طسھا	طسھا	طسھا

تیسرا طریقہ

اگر کسی کو بیوی کو دیکھتے ہی انزال ہوجاتا ہو تو ایسے آدمی کو چاہئے کہ اس تعویذ کو کمر میں باندھ لے پھر وطی کرے انشاء اللہ بہت دیر میں انزال ہوگا۔

نقش یہ ہے:

۱ ۱ ۱ ۴ ۱ ۱ ۱ ۱ ۴ ۱ ۱ ک ۹ ۱ ۱ ۹ ۱ ۱ ۱ ۴ ۵ ۱ عـــو ۱ ۱ ۱ ۱ ۵ م ح
۱ ۱ ۹ ۱ ط ۱ ک ۱ ۱ و ے ء ۱ م ولا لا لا ۹ ۱ ۱ ۱ ۵ ۱ ۲ ۲ ۹ ۱ ۱
ء ۱ ۱ ۱ م ۱ لا م ح ۱ ط ۳ و ۵ ۱ ۱ لا عســـا ۱ ء

دھات کا علاج

جس مرد یا عورت کو دھات کی بیماری ہو یا پیشاب کا قطرہ آتا ہو تو اس کو چاہئے کہ غسل کے بعد اس آیت کو سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے پھر اس پانی کو برابر پیتا رہے انشاء اللہ تھوڑے ہی دنوں میں بیماری دور ہوجائے گی اور طاقت پیدا ہوگی۔

آیت یہ ہے

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ. (سورہ آل عمران، آیت ۱۴)

اس تعویذ اور نقش کو لکھ کر ہاتھ میں باندھے دھات ٹھیک ہوجاتا ہے۔

نقش یہ ہے :

۱۱۱	۷	۷	۳	۱۸
۱۱۶	۱۲۵	۹	۳	۲
۱۵	اع	۱۹	۲	۲۲
۱۲	عہ	۱۲۹	۲۲	لخ
۱۲۵	۶۵	۱۷	۷	۶
عہ	۵	۱۱۵	ند ۱۱	لخ لہ

دیگر

اگر کسی کو قوت مردانگی زائل ہوگئی ہو یا کسی نے دبا دی ہو تو سورۂ لم یکن پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلاتے رہیں انشاء اللہ قوت مردانگی واپس ہوجائے گی۔

احتلام کو روکنے کی تدبیر

اگر کسی کو احتلام بار بار ہوتا ہو تو اس کو چاہئے کہ اس نقش کو بازو میں باندھے۔

نقش یہ ہے :

۷۸۶

ھو ھو ۱۲ ۱۲ ۷

انا اعطینک	الکوثر	فصل لربک	وانحر
الکوثر	فصل لربک	وانحر	ان شا
فصل لربک	وانحر	ان شا	نئک
وانحر	ان شا	نئک	هو الابتر
لا اله الا انت سبحنک انی کنت من الظالمین			

اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم

دیگر

اس نقش کو سینہ میں لکھ کر سو جائے انشاء اللہ احتلام نہیں ہوگا۔

نقش یہ ہے: اَلسَّمِیْعُ الْمُمِیْتُ.

بچوں کے رونے کا بیان

جو بچہ روتا ہے اور ڈرتا چونکتا ہے یا گھبراتا ہے تو اس آیت کو لکھ کر گلے میں باندھے انشاء اللہ بچہ ٹھیک ہوجائے گا۔

دعا یہ ہے

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ. اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ. (سوره آل عمران، آیت ۱۸۔۱۹)

دیگر

بچے کے رونے کو بند کرنے کے لئے اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں ڈالے انشاء اللہ بچہ نہیں روئے گا۔

تعویذ اور نقش یہ ہے :

۴۴۶	۴۵۰	۴۵۳	۴۳۹
۴۵۲	۴۴۰	۴۴۵	۴۵۱
۴۴۱	۴۵۵	۴۴۸	۴۴۴
۴۴۹	۴۴۳	۴۴۲	۴۵۴

دیگر

جو بچہ بہت روتا ہو تو اس کو چپ کرنے کے لئے اس دعاء کو لکھ کر گلے میں باندھے انشاء اللہ بچہ چپ ہو جائے گا۔

تعویذ یہ ہے : مُکَسَلْمِیْنَا، تَمْلِیْخَا، مَرْطُوْنِسْ، سَنُوْنِسْ، ، سَارِیْنُوْنِسْ، ذُوْنَوَاسْ، کَعَسْطِیُوْنِسْ، قِطْمِیْرْ.

دیگر

جو بچہ ہمیشہ روتا ہے کسی حالت میں چپ نہیں ہوتا ہے تو اس دعا کو لکھ کر گلے میں باندھ دے انشاء اللہ بچے کا رونا بند ہو جائے گا۔

دعاء : أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَّامَّةٍ تُحَصِّنُهُ بِحِصْنِ أَلْفِ أَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ.

بچوں کا رونا بند کرنے کا طریقہ

جو لڑکا ہمیشہ روتا ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر بچہ کے گلے میں باندھ دے پھر انشاء اللہ کبھی نہیں روئے گا۔

نقش یہ ہے :

۴۵۱	۴۵۴	۴۵۷	۴۴۴
۴۵۶	۴۴۵	۴۵۰	۴۵۵
۴۴۶	۴۵۹	۴۵۲	۴۴۹
۴۵۳	۴۴۸	۴۴۷	۴۵۸

عـــــق

اگر کوئی بچہ ضد سے روئے

اگر کوئی بچہ ضد سے روتا ہو تو اس کو لکھ کر گلے میں ڈالے انشاء اللہ بچہ رونا بند کردے گا۔

نقش یہ ہے :

۷۸۶

۱۴	۱۷	۲۰	۷
۱۹	۸	۱۳	۱۸
۹	۲۲	۱۵	۱۲
۱۶	۱۱	۱۰	۲۱

دیگر

بچہ روتے روتے پاگل جیسا ہوجاتا ہے تو اس تعویذ اور آیت کو گلے میں باندھ دے۔

آیت

الٓمّٓ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ نَزَّلَ عَلَیْکَ الْکِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْہِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰۃَ وَالْاِنْجِیْلَ مِنْ قَبْلُ ھُدًی لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ. (سورہ آل عمران ،آیت ۱)وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَایَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا. (سورہ بنی اسرائیل ،آیت ۸۲)

بچہ کے سوکھنے کا علاج

بچہ دن بدن سوکھتا جاتا ہے تو اس کے گلے میں اس تعویذ کو باندھ دے انشاء اللہ ٹھیک ہوجائے گا۔

نقش یہ ہے:

ھواو	و	ی
او	حفه صحه	

جو بچہ سوکھ رہا ہو اس کی تعویذ

جن بچوں کو سوکھا روگ کی بیماری ہوجاتی ہے اور وہ بہت کھلانے پلانے سے

بھی موٹے نہیں ہوتے تو اس تعویذ کو لکھ کر بچہ کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ بچہ صحت مند ہوجائے گا۔

نقش یہ ہے :

ھواو	وای
رو	هه صمد

بچوں کے الٹی بند کرنے کی تدبیر

جو بچہ دودھ پینے کے بعد فوراً الٹی کردیتا ہے تو اس تعویذ کو اسی کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ الٹی کرنا بند ہوجائے گا۔

نقش یہ ہے

۳۰۷	۳۰۰	۳۰۵
۳۰۲	۳۰۴	۳۰۶
۳۰۳	۳۰۸	۳۰۱

دیگر

جو بچہ دودھ پینے کے فوراً بعد الٹی کردیتا ہو تو اس تعویذ کو گلے میں باندھ دے انشاء اللہ الٹی بند ہوجائے گی۔

عله	علی هم	هفتم	افر	ختم
طا ۴	عموما	۵	فتقم	نعیم

جو بچہ دودھ پینے کے بعد الٹی کر دیتا ہوتو اس کی تعویذ

جو بچہ دودھ پینے کے بعد الٹی کر دیتا ہوتو اس تعویذ کو لکھ کر بچہ کے گلے میں باندھ دیں پھر انشاء اللہ کبھی الٹی نہیں کرے گا۔

نقش یہ ہے :

علیه	علی هم	هفتم	افر	ختم
طاله	عوماً	دو	فتتم	نعم

بچوں کا بستر میں پیشاب کرنا

